''قرآنی عربی سیکھیے''نامی سلسلے کی چوتھی کتاب

قرآنی الفاظ سیکھیے

الفاظ القرآن

قرآنی اسماء قرآنی افعال اور قرآنی حروف کی جامع لغت دلچسپ عنوانات، اعداد و شمار اور قرآنی مثالوں کے ساتھ

السعید
AL-SAEED
PUBLICATION

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

الفاظ القرآن

قرآنی اسماء قرآنی افعال اور قرآنی حروف کی جامع لغت دلچسپ عنوانات،
اعداد و شمار اور قرآنی مثالوں کے ساتھ

ترتیب جدید و تدوین

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

قرآنی اسماء قرآنی افعال اور قرآنی حروف کی جامع لغت دلچسپ عنوانات، اعداد وشمار اور قرآنی مثالوں کے ساتھ

ترتیب جدید وتدوین .... مفتی ابولبابہ شاہ منصور

طبع اول .... ربیع الاول 1433ھ - 2012ء

ناشر .... السعید: 0313-9264214

پرنٹرز .... العامر پرنٹنگ پریس 0321-2382266

باہتمام .... سید محمد انظر شاہ

کورس کی تربیت اور نصاب ملنے کے مراکز

جامعۃ الرشید، احسن آباد، کراچی	0322-2838867
مدرسۃ الانور، گلشن اقبال، کراچی	0321-2875616
دار العلوم تعلیم وتربیت، حاصل پور	0300-7853003
اکادمیۃ العلوم العربیۃ، رائے ونڈ روڈ، لاہور	0321-4184848
جامعہ قادریہ حنفیہ، ملتان	0300-6331327
جامعہ فاروقیہ، شجاع آباد	0321-7324265
جامعہ زیتون، گلشن الیاس، ایبٹ آباد	0333-5051880
معہد الفقیر الاسلامی، جھنگ	0313-9639387
دار الافتاء، ڈیرہ غازی خان	0300-7513351
جامع مسجد اسامہ بن زید، ٹیپو مارکیٹ G8-2 اسلام آباد	0336-5340788
جامعہ شمس العلوم تفسیریہ، رحیم یار خان	
جامع مسجد بلال، فرید ٹاؤن، ساہیوال	0321-6910186

ناشر

فہرست اسماء القرآن

مقدمہ

قرآنِ کریم کے سائے تلے

ترقی کا مجرب نسخہ:

اس عاجز کے گزشتہ کئی سال اس احساسِ ندامت اور شرمندگی کی کیفیت کے تحت گزرے کہ قرآن کریم کی کوئی خدمت نہ ہوسکی، تو کیا بقیہ سب کچھ استدراج ہے؟ مہلت ہے؟ غیر مقبول ہے؟ ندامت اور استغفار کے ساتھ دعا اور تمنا تھی کہ قرآن کریم کی خدمت کی کوئی صورت نصیب ہوجائے۔ ''قرآنی عربی کورس'' نامی یہ عاجزانہ کاوش عزیز نونہال طلبہ اور عام برادرانِ ملت کی خدمت میں اس نیت سے پیش ہے کہ قرآن کتابِ انقلاب ہے۔ یہ پست کو بلند کرتا ہے۔ زوال پذیر کو ترقی یافتہ بناتا ہے۔ جو اس کے سایۂ عاطفت میں آجائے وہ کبھی محروم نہیں ہوسکتا۔ جو اس کی برکات سے دامن بھر لے اس کو کبھی تہی دامنی کا شکوہ نہیں رہتا۔ اس لیے اس کے لفظ کو سیکھنے اور معنیٰ کو سمجھنے کی محنت دراصل اپنی زندگی میں روحانی انقلاب برپا کرنے، زوال کو ترقی اور پستی کو بلندی میں بدلنے کا ایسا آفاقی نسخہ ہے جو مجرّب المجرّب بھی ہے، سہل ترین بھی اور انتہائی مؤثر بھی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس میں سے وافر حصہ نصیب فرمائے۔

خوشی خوشی سے:

زبان کے دو اہم حصے ہوتے ہیں: قواعد (GRAMMER) اور ذخیرۂ الفاظ (VOCABULARY) جب ''قرآنی عربی کورس'' کی تدوین شروع ہوئی اور 60 اسباق پر مشتمل ''قواعد'' کے تین لیول تیار کیے گئے تو اس دوران قرآنی الفاظ سے واقفیت اور قرآن شریف کے مکمل ترجمے سے آگاہی کی غرض سے ''الفاظ القرآن'' آسان اور دلچسپ انداز میں تیار کرنے پر کام شروع ہوا۔ قدرتی طور پر تمام الفاظ کی طرح قرآنی الفاظ بھی تین طرح کے ہیں۔ اسم، فعل اور حرف۔ لہٰذا (تقریباً) تمام قرآنی اسماء الگ، قرآنی افعال الگ اور قرآنی حروف الگ کیے گئے۔ (حروف سے مراد ''حروفِ معانی'' ہیں نہ کہ ''حروفِ مبانی'') پھر افعال کی ترتیب وتدوین تو آسان تھی کہ اس کی انواع واقسام کے لیے ''علم الصرف'' میں اصطلاحات طے کرلی گئی ہیں۔ حروف کی ترتیب کے لیے ''علم النحو'' کی اصطلاحات سے مدد لے کر فہرست بنائی گئی۔ کسی معنی کے لیے جو حرف اکیلا آتا ہے وہ پہلے، اور جو حرف ایک سے زیادہ ہیں وہ بعد میں رکھ دیے گئے، لیکن مسئلہ اسماء کا تھا۔ اسماء کی طویل فہرست کو کس طرح ایسی مرتب شکل دی جائے کہ ایک طرف تو ان میں کوئی ربط ومعنویت پیدا ہوجائے اور دوسری طرف طالب علم کو الفاظ یاد کرنے میں مشکل نہ ہو۔ وہ ان کی معنویت اور مربوط ترتیب کے سحر میں آکر خوشی خوشی یاد کرتا چلا جائے۔ اس کے لیے مختلف دلچسپ عنوانات سوچ سوچ کر وضع کیے گئے اور تمام دستیاب ''قرآنی اسماء'' کو تین بڑے اور 70 چھوٹے ابواب میں تقسیم کردیا گیا۔ اس طرح ایک طرح سے قرآنی مفردات، قرآنی مترادفات، قرآنی متضاد الفاظ، قرآنی تشبیہات، قرآنی ضرب الامثال اور قرآنی دعاؤں وغیرہ کی چھوٹی سی لغت تیار ہوگئی ہے۔

تصرفات کی جسارت:

چونکہ اس مجموعہ کے تیار کرتے وقت ذہن میں یہ سوچ کارفرما تھی کہ اسے بچوں، نوجوانوں اور غیر قرآنی تعلیم یافتہ افراد کے لیے تیار کیا جارہا ہے۔ اس لیے اس میں ترتیبِ لغت کے اصولوں کی پیروی کے باوجود حفظ میں آسانی اور ذہن نشینی میں سہولت کے لیے الفاظ کی ترتیب بمطابق حروفِ تہجی میں کہیں کہیں (یعنی بہت ہی کم) ایسے تغیرات یا تصرفات کی جسارت کرلی گئی ہے جو عام طور پر قوامیس یا لغات میں اختیار نہیں کیے جاتے۔ مثلاً فرشتوں کے نام والے عنوان کے تحت جبرائیل ومیکائیل اور

ہاروت وماروت کا نام (علیٰ ہذا القیاس یاجوج ماجوج کا نام) اکٹھے دیا گیا ہے، جبکہ حروفِ تہجی کی ترتیب میں ان جوڑیوں نے الگ الگ آنا تھا۔ ہر قرآنی لفظ کی تعداد، کل استعمالات، معنی ومفہوم اور قرآنی مثال کا ترجمہ اس انداز میں دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ ایک طرف مبتدیوں کے لیے قرآن شریف کے معنی سیکھنے اور دوسری طرف منتہیوں کے لیے قاموس ولغت کو ایک نئے انداز میں ملاحظہ کرنے کی صورت بیک وقت پیدا ہو جائے۔

ایمان کا بیج:

یہ کتاب ایک اعتبار سے ''قرآنی عربی سیکھیے'' کورس کا سلسلہ وار حصہ ہے اور ایک اعتبار سے مستقل کتاب ہے۔ اس کی اصل غرض یہ ہے کہ قرآن کا طالب علم ''قواعد القرآن'' کے ساتھ ''الفاظ القرآن'' سے بھی واقف ہو جائے تو چونکہ قرآن اور انسانی دل ودماغ کے درمیان سے ناسمجھی کا حجاب ہٹا دیا جائے تو وہ اپنی تاثیر کے لیے خود راستہ بناتا ہے، اس لیے رب العزت سے قوی امید ہے کہ یہ ہماری زندگیوں کو قرآنی اور اسلامی طرزِ حیات میں ڈھالنے کی ایک عاجزانہ وخادمانہ کوشش ہوگی۔ خصوصاً جبکہ اسے حفظ کے مکاتب اور ابتدائی درجات میں عام کر دیا جائے تو بچپن سے دلوں کی فصل میں ایمان کا وہ بیج کاشت کیا جا سکتا ہے جس سے ''شجرۂ طیبہ'' جنم لیتا ہے۔ یعنی وہ مبارک اسلامی وقرآنی درخت جس کے برگ وبار ایسی ایمانی بہار لا سکتے ہیں جو ہمارے غموں کا علاج اور دکھوں کا مداوا بن جائے۔

ایک حرف یا ایک معنی:

اس تالیف کے حوالے سے احقر سب سے پہلے اپنے ان تمام محترم اساتذۂ کرام کا ممنون احسان ہے جنہوں نے اسے قرآن شریف کا ایک حرف یا کسی ایک حرف کا معنی سکھایا۔ پھر اپنے والدین کا جنہوں نے اسے قرآن کریم کے لیے وقف کر دیا۔ پھر ان تمام حضرات کا شکر گزار ہے جنہوں نے..... مشورہ اور تجویز دینے سے لے کر عملی تعاون تک اور ابواب کے عنوانات قائم کرنے سے مثالیں تلاش کرنے تک..... اس عاجز کا ہاتھ بٹایا، تعاون کیا یا بہتری کے لیے مشورے دیے۔ خصوصاً ان احباب کا جنہوں نے قرآنی عربی کورس کے پہلے حصے ''قواعد القرآن'' پڑھائے جانے کے دوران ''الفاظ القرآن'' کی تکمیل کا مسلسل مطالبہ کیا اور اس مطالبے کو اس وقت تک ایسی طلب ومحبت کے ساتھ جاری رکھا کہ اس عاجز نے اس کی تکمیل میں ہی عافیت سمجھی۔ ان کا یہ دباؤ بھرا مطالبہ ایسا احسان ہے جس کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔ کتاب کی اشاعت کے بعد اگر صاحبانِ نظر کتاب میں کوئی کمی کوتاہی پائیں یا بہتری کے لیے تجاویز دینا چاہیں، دعائے خیر کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو میرے اساتذہ اور والدین کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور ہم سب کو قرآن کریم کی برکات سے دنیا وآخرت میں مالا مال فرمائے۔ آمین

شاہ منصور

رمضان: ۳۳ھ

قرآنی عربی سیکھیے

الفاظ القرآن

(أسماء القرآن، أفعال القرآن، حروف القرآن)

پہلا حصہ

قرآنی اسماء

مختلف قرآنی اسماء اور ان کے معانی

حروفِ تہجی کی ترتیب، تعداد اور مثالوں کے ساتھ

قرآنی اسماء

کل اسماء	1160
کل استعمالات	14000
مثال کے طور پر دی گئی آیات	1160

قرآنی اسماء

پہلا باب	مختلف نام
دوسرا باب	انسان اور کائنات
تیسرا باب	متفرقات

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

پہلا باب

أسماء الله عزَّ وَجَلَّ

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

أسماء الله عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء:15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال:69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ	سارے بنانے والوں سے بہتر بنانے والا	2	فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ. (المؤمنون:14) بڑی شان ہے اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔
2	أَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ	تمام حکمرانوں سے بڑھ کر حکمران	2	أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ. (التين:8) کیا نہیں ہے اللہ سارے حکمرانوں سے بڑھ کر حکمران؟
3	أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ	سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا	4	وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ. (يوسف:64) اور وہ سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔
4	خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	3	وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ. (الأعراف:87) اور وہی ہے سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔

أسماء الله عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء:15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال:69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
5	خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ	سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا	2	وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ. (المؤمنون:109) اور آپ سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں۔
6	خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ	سب سے بہتر رزق دینے والا	5	وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ. (الجمعة:11) اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔
7	خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ	سب سے بہتر معاف کرنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ. (الأعراف:155) بے شک آپ سب سے بہتر معاف کرنے والے ہیں۔
8	خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ. (الأعراف:89) اور تو ہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

أسماء الله عزَّ وَجَلَّ

کل اسماء:15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

کل استعمال:69

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
9	خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا	1	وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ. (الأنعام:57) اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔
10	خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ	سب سے بہتر تدبیر کرنے والا	2	وَاللهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ. (آل عمران:54) اور اللہ سب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔
11	خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ	سب سے بہتر اتارنے والا	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ. (المؤمنون:29)۔ اور آپ سب سے بہتر اُتارنے والے ہیں۔
12	خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ	سب سے بہترین وارث	1	وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ. (الأنبياء:89) اور آپ سب سے بہترین وارث ہیں۔

أسماء الله عزّ وجلّ

کل اسماء: 15

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام

مشہور اسمائے حسنیٰ کے علاوہ

کل استعمال: 69

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے
13	رَبُّ الْعَالَمِينَ	تمام جہانوں کا پروردگار	42	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. (الفاتحة: 2) تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔
14	مُخْزِي الْكَافِرِينَ	کافروں کو رُسوا کرنے والا	1	وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ. (التوبة: 2) اور بے شک اللہ رُسوا کرنے والا ہے کافروں کو۔
15	وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ	مومنوں کا کام بنانے والا	1	وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ. (آل عمران: 68) اور اللہ کام بنانے والا ہے مومنوں کا۔

کل اسماء: 12

کل استعمال: 170

أسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم

نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے مبارک نام ولقب

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

15 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

69 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

أسماء النبی ﷺ

نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے مبارک نام اور القاب

کل اسماء: 12

کل استعمال: 170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَحْمَدُ	بہت زیادہ تعریف کرنے والا	1	وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ. (الصف: 6) اور خوشخبری دینے والا رسول کی جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہو گا۔
2	بَشِيْرٌ	خوشخبری دینے والا	9	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا. (البقرة: 119) بے شک ہم نے آپ کو بھیجا حق دے کر (جنت کی) خوشخبری دینے والا اور (جہنم سے) ڈرانے والا۔
3	نَذِيْرٌ	ڈرانے والا	43	اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ. (الأعراف: 184) نہیں ہے وہ مگر متنبہ کرنے والا۔

أسماء النبی ﷺ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک نام اور القاب

کل اسماء:12 — کل استعمال:170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ	تمام نبیوں میں سے سب سے آخری نبی	1	وَلَكِنْ رَّسُوْلَ اللهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ. (الأحزاب:40) لیکن وہ (محمد) اللہ کے رسول اور تمام نبیوں میں سے سب سے آخری نبی ہیں۔
5	رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ	سارے جہانوں کے لیے رحمت ہی رحمت	1	وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ. (الأنبياء:107) اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر سارے جہانوں کے لیے۔
6	شَاهِدٌ	گواہی دینے والا	39	إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا. (الفتح:8) (اے پیغمبر!) بے شک ہم نے بھیجا ہے تمہیں گواہی دینے والا بنا کر۔
7	شَهِيْدٌ	گواہ	56	وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا. (البقرة:143) اور ہوں گے رسول تم پر گواہ۔

أسماء النبی ﷺ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک نام والقاب

کل اسماء:12 — کل استعمال:170

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
8	مُدَّثِّرٌ	کپڑے میں لپٹنے والا	1	يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. (المدّثر:1) اے کپڑے میں لپٹنے والے!
9	مُزَّمِّلٌ	چادر میں لپٹنے والا	1	يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ. (المزّمّل:1) اے چادر میں لپٹنے والے!
10	مُذَكِّرٌ	نصیحت کرنے والا	1	إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ. (الغاشية:21) تم تو بس نصیحت کرنے والے ہو۔
11	مُنْذِرٌ	ڈرانے والا	15	قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ. (ص:65) (اے پیغمبر!) کہہ دو: "میں تو صرف ڈرانے والا ہوں۔
12	النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ	اُمی نبی	2	اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ. (الأعراف:157) جو اتباع کریں اس رسول یعنی اُمی نبی کی۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

12 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

170 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء:26 — کل استعمال:510

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	آدَمُ	صَفِيُّ الله	25	وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ. (البقرة: 31) اور سکھا دیے (اللہ تعالی) نے آدم علیہ السلام کو نام۔
2	إِبْرَاهِيمُ*	خَلِيلُ الله	69	وَوَصَّى بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ (البقرة: 132) اور وصیت کی اسی بات کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو۔
3	إِدْرِيسُ	نَبِيُّ الله	2	وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ. (مریم: 56) اور تذکرہ کرو اس کتاب میں ادریس کا۔
4	إِسْحَاقُ	هِبَةُ الله	17	وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ. (الصافات: 112) اور ہم نے خوشخبری دی ابراہیم کو اسحاق کی۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	إِسْمَاعِيلُ	ذَبِيحُ الله	12	وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ. (مریم: 54) اور تذکرہ کرو اس کتاب میں اسمٰعیل کا۔
6	إِلْيَاسُ	حِكْمَةُ الله	2	وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ. (الصافات: 123) اور یقیناً الیاس پیغمبروں میں سے تھے۔
7	أَيُّوبُ	صَبِيرُ الله	4	وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ. (ص: 41) اور یاد کرو ہمارے بندے ایوب کو۔
8	دَاوُودُ	خَلِيفَةُ الله	16	وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا. (النمل: 15) اور ہم نے عطا کیا داؤود اور سلیمان کو علم۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	ذُو الْكِفْلِ	ذَكِيُّ الله	2	وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِنَ الصَّابِرِينَ. (الأنبياء: 85) اور (دیکھو) اسماعیل، ادریس اور ذوالکفل کو، یہ سب صبر کرنے والوں میں سے تھے۔
10	زَكَرِيَّا	وَارِثُ الله	7	هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ. (آل عمران: 38) اس موقع پر دعا کی زکریا نے اپنے رب سے۔
11	سُلَيْمَانُ	تَاجُ الله	17	فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ. (الأنبياء: 79) چنانچہ سمجھ دی ہم نے اس فیصلہ کی سلیمان علیہ السلام کو۔
12	شُعَيْبٌ	نَاصِحُ الله	11	وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا. (الأعراف: 85) اور مدین کی طرف (ہم نے بھیجا) ان کے بھائی شعیب کو۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	صَالِحٌ	قَرِيبُ الله	9	وَإِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا. (الأعراف: 73) اور (ہم نے بھیجا) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو۔
14	عُزَيْرٌ	نَاصِرُ الله	1	وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ. (التوبة: 30) اور یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کے بیٹے ہیں۔
15	عِيسَى	رُوحُ الله	25	وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ. (البقرة: 87) اور ہم نے دی عیسی ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں۔
16	لُوطٌ	سَلِيمُ الله	27	وَلُوطًا آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا. (الأنبياء: 74) اور لوط کو ہم نے عطا کی حکمت اور علم۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
17	مُوْسٰی	كَلِيْمُ الله	136	وَإِذْ آتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ. (البقرة:53) اور جب دی ہم نے موسیٰ کو کتاب۔
18	نُوْحٌ*	نَجِيُّ الله	43	لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوْحًا إِلٰى قَوْمِهٖ. (الأعراف:59) بے شک ہم نے بھیجا نوح کو اُن کی قوم کی طرف۔
19	هَارُوْنُ	مُعِيْنُ الله	20	رَبِّ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ. (الأعراف:122) رب ہے موسیٰ اور ہارون کا۔
20	هُوْدٌ*	عَامِرُ الله	7	وَإِلٰى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا. (الأعراف:65) اور (ہم نے بھیجا) عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
21	يَحْيٰى	خَاشِعُ الله	5	يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ. (مريم:12) اے یحییٰ! تھام لو کتاب کو مضبوطی سے۔
22	يَسَعٌ	ذَاكِرُ الله	2	وَاذْكُرْ إِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ. (ص:48) اور یاد کرو اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو۔
23	يَعْقُوْبُ	حَزِيْنُ الله	16	وَوَهَبْنَا لَهٗ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً. (الأنبياء:72) اور عطا کیے ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب انعام کے طور پر۔

أسماء الأنبياء

انبیائے کرام کے نام

کل اسماء:26

کل استعمال:510

قرآن شریف میں چھبیس انبیائے کرام کے آئے ہیں جن میں سے چھ انبیاء* کے نام پر سورت کا نام ہے۔

شمار	نام	لقب	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
24	يُوْسُفُ*	جَمِيْلُ الله	27	وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوْسُفَ. (يوسف:58) اور آئے بھائی یوسف کے۔
25	يُوْنُسُ*	سَابِحُ الله	4	وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ. (الصافات:139) اور یقیناً یونس بھی پیغمبروں میں سے تھے۔
26	مُحَمَّدٌ*	حَبِيْبُ الله	4	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ الله. (الفتح:29) محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

کل استعمال:4

مُحَمَّدٌ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ الله. (الفتح:29)

محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

انبیائے کرام کے نام یادرکھنے کا آسان طریقہ

قرآن شریف میں جن چھبیس انبیائے کرام کا تذکرہ ہے، ان کے اسمائے گرامی یاد کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ سورۃ انعام کی چار آیات 83 تا 86 میں اٹھارہ انبیائے کرام کا تذکرہ ایک ہی جگہ ہے:

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَى قَوْمِهِ، نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ، إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (83) وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ، كُلًّا هَدَيْنَا، وَ نُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ، وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَى وَهَارُونَ، وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (84) وَ زَكَرِيَّا وَيَحْيَى وَعِيسَى وَإِلْيَاسَ، كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ (85) وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا، وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ (86)

بقیہ آٹھ انبیاء کے نام رہ جاتے ہیں جن میں پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام، آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ان کے علاوہ کثیر الذکر انبیاء میں سے تین حضرات ہود، صالح وشعیب علیہم السلام اور قلیل الذکر انبیاء میں سے بھی تین حضرات ادریس، حضرت عزیر، حضرت ذوالکفل علیہم السلام کا نام شامل ہے۔ اس طرح ان آٹھ ناموں کو یاد کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے۔

أسماء الأنبياء
جن انبیائے کرام کے نام کی صراحت نہیں

کل اسماء: 3

شمار	نام	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
1	حِزْقِيل	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ. (البقرة: 243) کیا تمہیں معلوم نہیں ان لوگوں (حزقیل علیہ السلام کی قوم) کا حال جو اپنے گھروں سے نکل آئے۔
2	سَمُوْئِيل	إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ. (البقرة: 246) جب انہوں نے کہا تھا اپنے نبی (سموئیل علیہ السلام) سے: "مقرر کر دیں ہمارے لیے ایک بادشاہ ہم اللہ کے راستے میں قتال کریں گے۔"
3	يُوْشَع	وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ. (الکهف: 60) اور جب موسیٰ نے اپنے نوجوان (شاگرد حضرت یوشع علیہ السلام) سے کہا تھا: "میں مسلسل اپنا سفر جاری رکھوں گا۔"

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں

26 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

510 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل اسماء: 6

کل استعمال: 95

أسماء الملائكة
فرشتوں کے نام

أسماء الملائکة

فرشتوں کے نام

کل اسماء:6 | کل استعمال:95

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	جِبْرِيْلُ	3	مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ. (البقرة :98) اگر کوئی شخص دشمن ہے اللہ کا، اس کے فرشتوں اور رسولوں کا اور جبرئیل اور میکائیل کا۔
2	مِيْكٰلُ	1	
3	هَارُوْتُ	1	وَمَآ أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ. (البقرة :102) اور جو نازل کیا گیا تھا دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر بابل شہر میں۔
4	مَارُوْتُ	1	
5	مَالِكٌ جہنم کا نگران فرشتہ	1	وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ. (الزخرف:77) اور جہنمی پکار کر کہیں گے: "اے مالک! ہمارا کام ہی تمام کر دے تمہارا رب!"
6	مَلَكٌ ج:مَلٰٓئِكَةٌ	88	وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا. (الفجر :22) اور آئے گا تمہارا رب اور فرشتے (میدان حشر میں) قطاریں باندھے ہوئے۔ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ. (البقرة :248)

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں 95 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ: 6 | کل استعمال: 23

أسماء الكعبة

کعبہ کے نام

الكعبة فی القرآن

خانہ کعبہ کے نام

کل الفاظ: 6 | کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَوَّلُ بَيْتٍ	پہلا گھر	1	إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ. (آل عمران:96) بے شک پہلا گھر جو مقرر کیا گیا لوگوں کے لیے۔
2	اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	قدیم گھر	2	وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ.(الحج: 29) اور چاہیے وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔
3	اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	مسجد حرام	15	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. (البقرة:150) پھیر لیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی جانب۔
4	اَلْكَعْبَةُ	کعبہ	2	هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ. (المائدة:95) قربانی جو پہنچائی جائے کعبہ۔

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

الکعبۃ فی القرآن

خانہ کعبہ کے نام

کل الفاظ: 6 — کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَوَّلُ بَيْتٍ	پہلا گھر	1	إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ. (آل عمران: 96) بے شک پہلا گھر جو مقرر کیا گیا لوگوں کے لیے۔
2	اَلْبَيْتُ الْعَتِيْقُ	قدیم گھر	2	وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ. (الحج: 29) اور چاہیے وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔
3	اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	مسجد حرام	15	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. (البقرۃ: 150) پھیر لیں اپنا چہرہ مسجد حرام کی جانب۔
4	اَلْكَعْبَةُ	کعبہ	2	هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ. (المائدۃ: 95) قربانی جو پہنچائی جائے کعبہ۔

الکعبۃ فی القرآن

خانہ کعبہ کے نام

کل الفاظ: 6 — کل استعمال: 23

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ	قابل ادب و احترام گھر	2	وَلَا آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ. (المائدۃ: 2) اور نہ ہی وہ جو بیت الحرام کا قصد کرنے والے ہیں۔
6	اَلْبَيْتُ الْمُحَرَّمُ	قابل ادب و احترام گھر	1	أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ. (ابراھیم: 37) لا بسایا ہے میں نے اپنی اولاد کو ایسے میدان میں جو بنجر ہے، تیرے احترام والے گھر کے پاس۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

23 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں

اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل اسماء: 32 — کل استعمال: 1801

أسماء القرآن

قرآن کریم کے بابرکت نام

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

23 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں

اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل اسماء:32 — کل استعمال:1801

أسماء القرآن

قرآن کریم کے بابرکت نام

أسماء القرآن

قرآن کریم کے ذاتی نام

کل اسماء:8 — کل استعمال:643

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	اَلْكِتَابُ	کتاب	261	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ . (الکهف:1) تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جس نے نازل کی اپنے بندے پر کتاب۔
2	أَمْرُ اللهِ	اللہ کا حکم	174	ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ . (الطلاق:5) یہ اللہ کا حکم ہے جو اُس نے اُتارا تم پر۔
3	تَنْزِيْلٌ	نازل کردہ	15	تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ . (فصلت:2) یہ کلام نازل کردہ ہے اُس ذات کی طرف سے جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے۔
4	رُوْحٌ	روح	21	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا. (الشوری:52) اور اسی طرح ہم نے بطور وحی نازل کی تمہاری طرف ایک روح۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے ذاتی نام

کل اسماء:8 — کل استعمال:643

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	قُرْآنٌ	قرآن	70	شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ. (البقرۃ:185) رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں نازل کیا گیا قرآن۔
6	قَوْلٌ	بات	93	وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ. (القصص:51) اور واقعہ یہ ہے کہ ہم مسلسل بھیجتے رہے اُن کے فائدے کے لیے (نصیحت کی) بات۔
7	كَلَامُ اللهِ	اللہ کا کلام	3	فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ. (التوبة:6) تو اُس کو پناہ دو یہاں تک کے وہ سن لے اللہ کا کلام۔
8	وَحْيٌ	وحی	6	قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ. (الأنبياء:45) کہہ دو: "میں تو تمہیں ڈراتا ہوں وحی کے ذریعے"۔

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 — کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجراکیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	حَقٌّ	سچابیان	247	إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ. (آل عمران:62) یقین جانو کہ یہی ہے واقعات کا سچابیان۔
2	حَكِيمٌ	حکمت سے بھراہوا	97	وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ. (الزخرف:4) اور حقیقت یہ ہے کہ وہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس بڑے اونچے درجے کی حکمت سے بھری ہوئی کتاب ہے۔
3	صِدْقٌ	سچی بات	14	وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ. (الزمر:33) اور جو شخص لے کر آئے سچی بات۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 — کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجراکیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	عَجَبٌ	عجیب	5	فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا. (الجن:1) پس انہوں نے کہا بے شک ہم نے سنا ہے ایک عجیب قرآن۔
5	عَزِيزٌ	بڑا عزت والا	99	وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ. (فصلت:41) اور بے شک یہ کتاب ہے بڑی عزت والی۔
6	عِلْمٌ	علم	105	وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ. (الرعد:37) اور اگر آپ پیچھے چلیں اُن لوگوں کی خواہشات کے اس کے بعد کہ آپ کے پاس آچکا ہے علم۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کے صفاتی نام

کل اسماء:10 — کل استعمال:617

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجراکیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
7	عَلِيٌّ	اونچے درجے والا	11	وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ. (الزخرف:4) اور حقیقت یہ ہے کہ وہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس بڑے اونچے درجے کی حکمت سے بھری ہوئی کتاب ہے۔
8	كَرِيمٌ	بڑاباوقار	27	إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ. (الواقعة:77) بے شک یہ قرآن ہے بڑاباوقار۔
9	مُبَارَكٌ	بابرکت	8	كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ. (ص:29) یہ ایک کتاب جو ہم نے نازل کی ہے تمہاری طرف بابرکت ہے۔
10	مَجِيدٌ	عظمت والا	4	وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ. (ق:1) اور قسم ہے قرآن کی جو عظمت والا ہے!

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 — کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجراکیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	بَشِيرٌ	خوشخبری دینے والا	9	بَشِيرًا وَنَذِيرًا. (فصلت:4) یہ قرآن خوشخبری دینے والا بھی ہے اور ڈرانے والا بھی۔
2	بَصَائِرُ	بصیرتوں کا مجموعہ	5	هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ. (الجاثية:20) یہ (قرآن) بصیرتوں کا مجموعہ ہے تمام لوگوں کے لیے۔
3	بَلَاغٌ	پیغام	15	إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ. (الأنبياء:106) بے شک اس (قرآن) میں پیغام ہے ایسی قوم کے لیے جو عبادت گزار ہے۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
4	بَيَانٌ	واضح اعلان	3	هَذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ. (آل عمران: 138) یہ واضح اعلان ہے تمام لوگوں کے لیے۔
5	تَذْكِرَةٌ	نصیحت	9	كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ. (عبس: 11) ہر گز ایسا نہیں! یہ قرآن تو ایک نصیحت ہے۔
6	ذِكْرٌ	یاد، نصیحت	76	إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ. (الحجر: 9) بے شک ہم نے ہی اتاری ہے یہ نصیحت (یعنی قرآن) اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
7	رَحْمَةٌ	رحمت	114	وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ. (یونس: 57) اور (قرآن) ہدایت اور رحمت ہے مومنوں کے لیے۔
8	شِفَاءٌ	شفا	4	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (الإسراء:82) اور ہم نازل کررہے ہیں وہ قرآن جو شفا اور رحمت کا سامان ہے مومنوں کے لیے۔
9	فُرْقَانٌ	فیصلہ کر دینے والا	7	تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ. (الفرقان: 1) بڑی شان ہے اُس ذات کی جس نے نازل کی (حق و باطل کا) فیصلہ کر دینے والی کتاب۔
10	مُبِينٌ	واضح کرنے والا	119	تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ. (یوسف: 1) یہ آیتیں ہیں اُس کتاب کی جو حق کو واضح کرنے والی ہے۔

أسماء القرآن

قرآن کریم کی صفات

کل اسماء:14 | کل استعمال:541

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	آیت کا ترجمہ خود سے نکالنے کی کوشش کیجیے اور قواعد کا اجرا کیجیے
11	مَوْعِظَةٌ	نصیحت	9	وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ. (آل عمران: 138) اور ہدایت اور نصیحت ہے پرہیز گاروں کے لیے۔
12	نَذِيرٌ	ڈرانے والا	43	بَشِيرًا وَنَذِيرًا. (فصلت: 4) یہ قرآن خوشخبری دینے والا بھی ہے اور ڈرانے والا بھی۔
13	نُورٌ	روشنی	43	فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنزَلْنَا. (التغابن: 8) لہٰذا ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس روشنی پر جو ہم نے نازل کی ہے۔
14	هُدًى	ہدایت	85	وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ. (البقرة: 97) اور ہدایت اور خوشخبری ہے ایمان والوں کے لیے۔

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

32 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

1801 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ...... ☜ ...... دائیں سے بائیں

کل الفاظ: 11

کل استعمال: 366

صفات الصحابة

صحابہ کی صفات

صفات الصحابة

صحابہ کی صفات

کل اسماء: 11

کل استعمال: 366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَنْصَارِيٌّ ج: أَنْصَارٌ	مدد کرنے والا (اہل مدینہ کا لقب)	11	لَقَدْ تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ .(التوبة: 117) بے شک توبہ قبول کرلی اللہ تعالیٰ نے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اور مہاجرین کی اور انصار کی۔
2	رَاشِدٌ ج: رَاشِدُوْنَ	سیدھے راستے پر	1	أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُوْنَ .(الحجرات: 7) وہی لوگ سیدھے راستے پر ہیں۔
3	سَابِقٌ ج: سَابِقُوْنَ	سبقت کرنے والا	8	وَالسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ .(التوبة: 100) اور سبقت کرنے والے، پہل کرنے والے مہاجرین اور انصار میں سے۔
	أَوَّلُ ج: أَوَّلُوْنَ	پہل کرنے والا	62	

صفات الصحابة

صحابہ کی صفات

کل اسماء: 11

کل استعمال: 366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	شَدِيْدٌ ج: أَشِدَّاءُ	سخت	53	
5	رَحِيْمٌ ج: رُحَمَاءُ	رحم کرنے والا، نرم خو	116	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا .(الفتح: 29) محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار کے لیے سخت، آپس میں نرم ہیں۔ آپ پائیں گے ان کو رکوع کرنے والے اور سجدہ کرنے والے۔
6	رَاكِعٌ ج: رُكَّعٌ	رکوع کرنے والا	8	
7	سَاجِدٌ ج: سُجَّدٌ	سجدہ کرنے والا	22	

صفات الصحابة

صحابہ کی صفات

کل اسماء: 11

کل استعمال: 366

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
8	صَادِقٌ ج: صَادِقُوْنَ	سچا	60	أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُوْنَ .(الحجرات: 15) وہی لوگ سچے ہیں۔
9	فَائِزٌ ج: فَائِزُوْنَ	کامیاب	4	وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ .(التوبة: 20) اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔
10	مُفْلِحٌ ج: مُفْلِحُوْنَ	کامیاب لوگ	13	وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ .(البقرة: 5) اور وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔
11	مُهَاجِرٌ ج: مُهَاجِرِيْنَ	ہجرت کرنے والا	8	لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ .(الحشر: 8) ان غریب مہاجرین کے لیے جنہیں نکال دیا گیا ان کے گھروں سے۔

پڑھنے کی ترتیب ...... ☜ ...... دائیں سے بائیں

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں

11 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

366 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان

پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل اسماء:19 | کل استعمال:153

أسماء الأشخاص
مختلف شخصیات کے نام

أسماء الأشخاص

قابل احترام شخصیات کے نام

کل اسماء:8 | کل استعمال:46

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	خِضْرٌ	–	فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا. (الکهف:65) وہ دونوں ملے ایک بندے (خضر) کو ہمارے بندوں میں سے۔
2	ذُوالْقَرْنَيْنِ	3	وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنْ ذِى الْقَرْنَيْنِ. (الکهف: 83) اور یہ لوگ پوچھتے ہیں تم سے ذُوالقرنین کے بارے میں۔
3	ذُوالنُّوْنِ	1	وَذَا النُّوْنِ إِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا. (الأنبياء: 87) اور مچھلی والا (حضرت یونس علیہ السلام) جب وہ چل پڑا خفا ہو کر۔
4	زَيْدٌ	1	فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا. (الأحزاب:37) پھر جب ختم کرلیا زید نے اپنی بیوی سے تعلق۔
5	طَالُوْتُ	2	إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا. (البقرة: 247) اللہ نے بنا کر بھیجا ہے تمہارے لیے طالوت کو بادشاہ۔

أسماء الأشخاص

قابل احترام شخصیات کے نام

کل اسماء:8 | کل استعمال:46

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	عِمْرَانُ	3	وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا. (التحريم: 12) اور مریم بیٹی عمران کی جس نے حفاظت کی اپنی عصمت کی۔
7	لُقْمَانُ	2	وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ. (لقمان: 12) اور بے شک ہم نے عطا کی لقمان کو دانائی۔
8	مَرْيَمُ	34	يَا مَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ. (آل عمران: 43) اے مریم! تم عبادت میں لگی رہو اپنے رب کی۔

پڑھنے کی ترتیب ...... ☜ ...... دائیں سے بائیں

أسماء الأشخاص

معتوب شخصیات کے نام

کل اسماء: 11 | کل استعمال: 107

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	آزَرُ	1	وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ. (الأنعام: 74) اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے۔
2	إِبْلِيسُ	11	قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ. (الحجر: 32) (اللہ نے) کہا: "ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ شامل نہیں ہوا؟"
3	أَبُو لَهَبٍ	1	تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ. (لهب: 1) برباد ہوں دونوں ہاتھ ابولہب کے۔
4	جَالُوتُ	3	وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ. (البقرة: 251) اور قتل کیا داؤد نے جالوت کو۔
5	سَامِرِيُّ	3	قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ. (طه: 95) (موسیٰ نے) کہا: "تجھے کیا ہوا تھا؟ اے سامری!"

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

19 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

153 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً 4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

أسماء الأشخاص

معتوب شخصیات کے نام

کل اسماء: 11 | کل استعمال: 107

شمار	قرآنی الفاظ	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	فِرْعَوْنُ	74	اِذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى. (طه: 24) جاؤ فرعون کے پاس۔ وہ سرکشی میں حد سے نکل گیا ہے۔
7	قَارُونُ	4	وَقَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ. (العنكبوت: 39) اور قارون، فرعون اور ہامان (کو ہم نے ہلاک کیا)۔
8	نَمْرُوْدُ	_	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ. (البقرة: 258) کیا آپ نے غور کیا اس شخص (نمرود) کے حال پر جس نے بحث کی ابراہیم سے اس کے رب کے بارے میں۔
9	هَامَانُ	6	وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا. (غافر: 36) اور کہا فرعون نے: "اے ہامان! بنادو میرے لیے ایک اونچی عمارت!"
10	يَأْجُوجُ	2	إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ. (الكهف: 94) بے شک یاجوج اور ماجوج فساد پھیلانے والے ہیں زمین میں۔
11	مَأْجُوجُ	2	إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ. (الأنبياء: 96) جب کھول دیا جائے گا یاجوج اور ماجوج کو۔

کل الفاظ: 13 | کل استعمال: 27

الأصنام في القرآن

بتوں کے نام

پڑھنے کی ترتیب ...... ☜ ...... دائیں سے بائیں

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13 — کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	بَعْلٌ	آقا مالک	3	أَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ أَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ. (الصافات: 125) کیا تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟
2	تِمْثَالٌ ج: التَّمَاثِيْلُ	مورتیاں	2	مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْ أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُوْنَ (الأنبياء : 52) یہ کیا مورتیاں ہیں جن کے آگے تم جھکے ہوئے ہو؟
3	جِبْتٌ	بت جادو	1	يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ. (النساء:51) وہ کافر ایمان لاتے ہیں بتوں اور شیطان پر۔
4	سُوَاعٌ	بت کا نام	1	وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا. (نوح:23) (انہوں نے کہا): "تم ہرگز ود اور سواع کو نہ چھوڑنا۔
5	صَنَمٌ ج: أَصْنَامٌ	بت	5	يَعْكُفُوْنَ عَلٰى أَصْنَامٍ لَّهُمْ. (الأعراف:138) جو لگے بیٹھے تھے اپنے چند بتوں سے۔

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13 — کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
10	نَسْرٌ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا. (نوح:23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔
11	وَدٌّ	ایک بت کا نام	1	وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا. (نوح:23) تم ہرگز نہ چھوڑنا وَدّ اور سُواع کو۔
12	يَعُوْقُ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا. (نوح:23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔
13	يَغُوْثُ	ایک بت کا نام	1	وَلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا. (نوح:23) تم ہرگز نہ چھوڑنا یغوث، یعوق اور نسر کو۔

الأصنام فی القرآن

بتوں کے نام

کل الفاظ: 13 — کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	طَاغُوْتٌ	شیطان	8	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ. (البقرة:257) اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے مددگار شیاطین ہیں۔
7	عُزّٰى	بت کا نام	1	أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى؛ (النجم:19) کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ کو؟
8	لَاتٌ	ایک بت کا نام	1	أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى؛ (النجم:19) کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ کو؟
9	مَنَاةٌ	ایک بت کا نام	1	وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرٰى. (النجم:20) اور اس ایک اور تیسرے پر جس کا نام منات ہے۔

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں 13

27 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ:15

کل استعمال:282

الضالّون

گمراہ لوگ

الضالّون

گمراہ لوگ

کل الفاظ:7

کل استعمال:258

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	صَابِئٌ ج:صَابِئِیْنَ	بے دین ستارہ پرست	3	إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصَارٰى وَالصَّابِئِيْنَ.(البقرة:62) بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور یہودی اور عیسائی اور اور بے دین لوگ۔
2	كَافِرٌ ج:كَافِرُوْنَ	کافر	157	وَالْكَافِرُوْنَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ.(البقرة : 254) اور کافر لوگ ہی ظالم ہیں۔
3	مَجُوْسِيٌّ ج:مَجُوْسٌ	مجوسی	2	إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصَّابِئِيْنَ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسَ إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.(الحج: 17) بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور بے دین لوگ اور عیسائی اور مجوسی ، بے شک اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائیں گے ان کے درمیان قیامت کے دن۔

الضالّون

گمراہ لوگ

کل الفاظ:8

کل استعمال:258

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	مُشْرِكٌ ج:مُشْرِكُوْنَ	مشرک	39	إِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ.(التوبة :28) درحقیقت مشرک لوگ ناپاک ہیں۔
5	مُنَافِقٌ ج:مُنَافِقُوْنَ	منافق دوغلا	32	وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ.(التوبة:68) وعدہ کیا ہے اللہ تعالیٰ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں سے اور کفار سے جہنم کی آگ کا۔
6	نَصْرَانِيٌّ ج:نَصَارٰى	عیسائی	15	لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى أَوْلِيَاءَ.(المائدة :51) نہ بناؤ یہود و نصاریٰ کو دوست۔
7	يَهُوْدِيٌّ ج:يَهُوْدُ	یہودی	10	وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصَارٰى.(البقرة :120) اور ہر گز نہ راضی ہوں گے آپ سے یہود و نصاریٰ۔

کل الفاظ:8

کل استعمال:24

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

کل الفاظ:8

کل استعمال:24

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ	خندق والے	1	قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ. (البروج:4) مارے گئے خندق (کھودنے) والے۔
2	أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ	جھنڈ والے	4	وَإِنْ كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ. (الحجر:78) اور درختوں کے جھنڈ والے ظالم لوگ تھے۔
3	أَصْحَابُ الْجَنَّةِ	باغ والے	14	إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ. (القلم:17) بے شک ہم نے آزمایا ان کو جیسے کہ ہم نے آزمایا باغ والوں کو۔
4	أَصْحَابُ الرَّسِّ	کنویں/کان والے	1	وَعَادًا وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ. (الفرقان:38) اور (برباد کیا) عاد، ثمود اور کنویں والوں کو۔
5	أَصْحَابُ السَّبْتِ	ہفتہ کے دن والے	1	أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ. (النساء:47) یا ہم ان پر پھٹکار ڈال دیں جیسے کہ ہم نے پھٹکار ڈالی تھی ہفتہ والوں پر۔

الأحزاب الثمانية

آٹھ مخصوص گروہ

کل الفاظ:8

کل استعمال:24

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	أَصْحَابُ الْفِيلِ	ہاتھی والے	1	أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ؟ (الفيل:1) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کیسا معاملہ کیا تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ؟
7	أَصْحَابُ الْقَرْيَةِ	بستی والے	1	وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ. (يس:13) اور تم بیان کرو ان کے سامنے مثال بستی والوں کی۔
8	أَصْحَابُ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ	غار اور تختی والے	1	أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ كَانُوا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا؟ (الكهف:9) کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ غار اور تختی والے لوگ تھے ہماری نشانیوں میں سے کوئی خاص چیز۔

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

15 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

282 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ: 25

کل استعمال: 713

الأقرباء في القرآن

رشتے داروں کے نام

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	اَبٌ	باپ	117	مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ. (الأحزاب: 40) نہیں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے باپ تمہارے مردوں میں سے لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔
2	اِبْنٌ	بیٹا	143	وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ. (البقرة: 87) اور ہم نے عطا کی عیسیٰ بن مریم کو روشن دلیلیں۔
3	اَخٌ	بھائی	82	يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ. (عبس: 34) اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے۔
4	اُخْتٌ	بہن	14	وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ. (القصص: 11) اور کہا (موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے) ان کی بہن سے کہ تو اس کے پیچھے پیچھے جا۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	اُمٌّ	ماں	35	وَاَوْحَيْنَا اِلٰى اُمِّ مُوْسٰى. (القصص: 7) اور ہم نے الہام کیا موسیٰ (علیہ السلام) کی ماں کو۔
6	اَهْلٌ	گھر والے	127	فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ. (هود: 81) پس رات کو نکل جاؤ اپنے گھر والوں کے ساتھ۔
7	اٰلٌ	قوم	26	فَلَمَّا جَاءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ. (الحجر: 61) پس جب پہنچے لوط کی قوم کے پاس بھیجے ہوئے فرشتے۔
8	بِنْتٌ	بیٹی	19	وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ. (التحريم: 12) اور مریم بیٹی عمران کی۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	بَعْلٌ	خاوند	3	وَهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا. (هود: 72) اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے۔
10	حَلِيْلَةٌ ج: حَلَائِلُ	بیوی	1	وَحَلَائِلُ اَبْنَائِكُمْ. (النساء: 23) اور (تم پر حرام ہیں) بیویاں تمہارے بیٹوں کی۔
11	خَالٌ ج: اَخْوَالٌ	ماموں	5	وَبَنٰتِ خَالِكَ. (الأحزاب: 50) اور تیرے ماموں کی بیٹیاں۔
12	خَالَةٌ ج: خَالَاتٌ	خالہ	3	وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ. (الأحزاب: 50) اور تیری خالہ کی بیٹیاں۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	دَعِيٌّ ج: اَدْعِيَاءُ	لے پالک	2	وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَاءَكُمْ اَبْنَاءَكُمْ. (الأحزاب: 4) اور نہیں بنایا اس نے تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا۔
14	ذُرِّيَّةٌ	اولاد	32	ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ. (اسرائيل: 3) ان لوگوں کی اولاد جنہیں ہم نے سوار کردیا تھا نوح کے ساتھ (کشتی پر)۔
15	رَبِيْبَةٌ ج: رَبَائِبُ	سوتیلی بیٹی	1	وَرَبَائِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ. (النساء: 23) اور تمہاری سوتیلی بیٹیاں جو تمہاری گودوں میں ہیں۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
16	زَوْجٌ	شوہر، بیوی	24	أُسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ. (البقرة: 35) ٹھہر تو اور تیری بیوی جنت میں۔
17	سِبْطٌ ج: أَسْبَاطٌ	اولاد	5	وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ. (النساء: 163) اور ہم نے وحی کی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد کی طرف۔
18	صَاحِبَةٌ	بیوی	2	وَلَمْ تَكُنْ لَهُ صَاحِبَةٌ. (الأنعام: 101) اور نہیں ہے اس (اللہ) کی بیوی۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
19	صِهْرٌ	سسرال	1	فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا. (الفرقان: 54) پھر اسے بنادیا نسب والا اور سسرالی رشتوں والا۔
20	عَقِبٌ ج: أَعْقَابٌ	اولاد	8	وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ. (الزخرف: 28) اور اس نے بنادیا اس (کلمہ) کو باقی رہنے والا کلمہ اپنی اولاد میں۔
21	عَمٌّ ج: أَعْمَامٌ	چچا	2	وَبَنَاتِ عَمِّكَ. (الأحزاب: 50) اور تیرے چچا کی بیٹیاں۔
22	عَمَّةٌ ج: عَمَّاتٌ	پھوپھی	3	وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ. (الأحزاب: 50) اور تیری پھوپھی کی بیٹیاں۔

الأقرباء فی القرآن

رشتہ داروں کے نام

کل الفاظ: 25 | کل استعمال: 713

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
23	وَالِدٌ	والد، باپ	23	لَا يَجْزِي وَالِدٌ عَنْ وَلَدِهِ. (لقمان: 33) نہیں کام آئے گا کوئی باپ اپنے بیٹے کے۔
24	وَالِدَةٌ ج: وَالِدَاتٌ	والدہ، ماں	2	وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ. (البقرة: 233) اور مائیں دودھ پلائیں اپنی اولاد کو۔
25	وَلَدٌ	اولاد	33	سُبْحَانَهُ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ. (النساء: 171) وہ پاک ہے اس سے کہ ہو اس کے لیے کوئی اولاد۔

الحمد للہ
آپ نے اس سبق میں

25 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

713 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

کل الفاظ:48 | کل استعمال: 142

الحیوانات فی القرآن

جانور

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 | کل استعمال: 142

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَبَابِيلُ	ایک پرندے کا نام	1	وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ. (الفیل: 3) اور اس نے بھیج دیے ان پر ابابیل نامی پرندے۔
2	إِبِلٌ	اونٹ	2	أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ. (الغاشية: 17) پس کیا وہ دیکھتے نہیں اونٹ کی طرف؟
3	بَدَنَةٌ ج: بُدْنٌ	قربانی کے اونٹ	1	وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ. (الحج:36) اور قربانی کے اونٹ ہم نے انہیں بنایا تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں میں سے۔
4	بَعُوضَةٌ	مچھر	1	إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً. (البقرة: 26) بے شک اللہ نہیں شرماتا (اس بات سے) کہ بیان کرے مثال کوئی سی بھی، چاہے مچھر کی۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 | کل استعمال: 142

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	بَعِيرٌ	اونٹ	2	وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ. (یوسف:65) اور ہم زیادہ لائیں گے ماپ (غلہ) ایک اونٹ کا۔
6	بِغَالٌ	خچر	1	وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ. (النحل:8) اور (اللہ نے پیدا کیے انسان کے لیے) گھوڑے اور خچر اور گدھے۔
7	بَقَرَةٌ	گائے	9	أَن تَذْبَحُوا بَقَرَةً. (البقرة:67) کہ تم ذبح کرو ایک گائے۔
8	بَهِيمَةٌ	چوپایہ	3	أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ. (المائدہ:1) حلال کر دیے گئے تمہارے لیے مویشی چوپائے۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 | کل استعمال: 142

قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	ثُعْبَانٌ	اژدھا	2	فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ. (الأعراف:107) تو اچانک وہ (لاٹھی) ایک اژدھا بن گئی۔
10	جَانٌّ	سانپ	7	تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ. (النمل:10) وہ (لاٹھی) ہل رہی تھی گویا وہ سانپ ہے۔
11	جَرَادٌ	ٹڈی	2	فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ. (الأعراف:133) چنانچہ ہم نے بھیجا اُن پر طوفان اور ٹڈیاں۔
12	جَمَلٌ	اونٹ	1	حَتَّىٰ يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ. (الأعراف:40) جب تک داخل ہو جائے اونٹ سوئی کے ناکے میں۔

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 — قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔ — کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
13	جَيِّدٌ ج: جِيَادٌ	عمدہ گھوڑے	1	إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ (ص:31) جب پیش کیے گئے اس پر شام کے وقت تیز رفتار عمدہ گھوڑے۔
14	حِمَارٌ	گدھا	4	كَمَثَلِ الْحِمَارِ. (الجمعة:5) (ان یہودیوں کی مثال) گدھے کی سی ہے۔
15	حَمُولَةٌ	اونچے قد کا جانور	1	وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً. (الانعام:142) اور مویشیوں میں سے اونچے قد کے جانور ہیں۔
16	حُوتٌ	مچھلی	5	فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ. (الكهف:63) بے شک میں بھول گیا تھا مچھلی۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 — قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔ — کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
17	حَيَّةٌ	سانپ	1	فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ. (طٰه:20) اچانک وہ (لاٹھی) سانپ بن گئی۔
18	خِنْزِيرٌ	سور	5	وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ. (البقرة:173) اور خون اور سور کا گوشت (اللہ نے حرام کیا ہے)۔
19	خَيْلٌ	گھوڑا	5	وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ. (النحل:8) اور (اللہ نے پیدا کیے انسان کے لیے) گھوڑے اور خچر اور گدھے۔
20	دَابَّةٌ	جاندار چوپائے	18	وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ. (النور:45) اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا زمین پر چلنے والے ہر جاندار کو پانی سے۔

الحیوانات فی القرآن

جانوروں کے نام

کل الفاظ:48 — قرآن کریم کی پانچ سورتوں کے نام بھی پانچ جانوروں" کے نام پر ہے۔ — کل استعمال: 142

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
21	ذُبَابٌ	مکھی	2	وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا. (الحج:73) اور اگر ان سے چھین کرلے جائے مکھی کوئی چیز۔
22	ذِئْبٌ	بھیڑیا	3	قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ. (يوسف:14) انہوں نے کہا: اگر اسے بھیڑیا کھا جائے۔
23	رِكَابٌ	اونٹ	1	فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ. (الحشر:6) نہیں دوڑائے تم نے اس پر گھوڑے اور نہ اونٹ۔
24	صَافِنَةٌ ج: صَافِنَاتٌ	گھوڑے	1	إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ. (ص:31) جب پیش کیے گئے ان (سلیمان علیہ السلام) کے سامنے شام کے وقت تیز رفتار گھوڑے۔

6	رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا. وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً. إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ. (آل عمران:8)	ہدایت پر استقامت کے لیے	اے ہمارے رب! نہ ٹیڑھا کر ہمارے دلوں کو بعد اس کے کہ تونے ہدایت دی ہمیں، اور عطا کر ہمیں اپنے پاس سے رحمت، بے شک تو ہی ہے بڑا عطا کرنے والا۔
7	رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا. وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (آل عمران: 16)	توبہ کے لیے	اے ہمارے رب! بے شک ہم ایمان لائے سو تو ہمیں بخش دے ہمارے گناہ، اور بچا ہمیں آگ کے عذاب سے۔
8	سُبْحَانَكَ. فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. (آل عمران:191)	عذاب جہنم سے نجات کے لیے	تو پاک ہے، چنانچہ تو بچا ہمیں آگ کے عذاب سے۔

الأدعية فی القرآن — قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
12	رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ. (الأعراف:47)	برے انجام سے بچنے کے لیے	اے ہمارے رب! نہ کر تو ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ۔
13	رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا. وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ. (الأعراف:126)	دشمن کی یلغار کے وقت	اے ہمارے رب! ڈال دے تو ہم پر صبر، اور ہمیں فوت کر اس حال میں کہ ہم مسلمان ہوں۔
14	أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا. وَارْحَمْنَا. وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ. (الأعراف:155)	مغفرت ورحمت طلب کرنے کے لیے	تو ہمارا کارساز ہے، سو بخش دے ہمیں، اور رحم فرما ہم پر، اور تو بہترین بخشنے والا ہے۔
15	رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ. وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ. (یونس:86.85)	دشمن کے غلبہ سے بچنے کے لیے	اے ہمارے رب! نہ بنا تو ہمیں فتنہ ان لوگوں کے لیے جو ظالم ہیں۔ اور نجات دے ہمیں اپنی رحمت کے ساتھ ان لوگوں سے جو کافر ہیں۔

الأدعية فی القرآن — قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
16	رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ. وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوْبِهِمْ. فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتَّى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ. (یونس:88)	دشمن کی بربادی کے لیے	اے ہمارے رب! مٹادے ان کے مال، اور سخت کر دے ان کے دل، چنانچہ نہ ایمان لائیں وہ حتی کہ وہ دیکھ لیں دردناک عذاب۔
17	فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ. أَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. تَوَفَّنِي مُسْلِمًا. وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِيْنَ. (یوسف:101)	حسن خاتمہ کے لیے	اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے! تو (ہی) میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت (میں)، تو مجھے فوت کر مسلمان، اور مجھے ملادے صالحین کے ساتھ۔
18	رَبِّ اجْعَلْ هَذَا الْبَلَدَ آمِنًا. وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَنْ نَّعْبُدَ الْأَصْنَامَ. (ابراهيم:35)	امن وامان کے لیے	اے میرے رب! بنادے اس شہر (مکہ) کو امن والا، اور دور رکھ مجھے اور میری اولاد کو اس بات سے کہ ہم عبادت کریں بتوں کی۔
19	رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيْمَ الصَّلَاةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِي. رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ. (ابراهيم:40)	نیکیوں کی توفیق اور دعا کی قبولیت کے لیے	اے میرے رب! بنادے مجھے قائم رکھنے والا نماز کو اور میری اولاد میں سے (بھی)، اے ہمارے رب! اور قبول فرما میری دعا۔

الأدعية فی القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ کیجیے
20	رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ. (ابراهيم: 41)	پوری امت کی طرف سے توبہ واستغفار کے لیے	اے ہمارے رب! بخش دے مجھے، اور میرے ماں باپ کو، اور (سب) مومنوں کو جس دن قائم ہو گا حساب۔
21	رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا. (الإسراء: 24)	والدین کے لیے بہترین دعا	اے میرے رب! رحم فرما ان دونوں پر جیسا کہ انہوں نے میری پرورش کی بچپن میں۔
22	رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا. (الإسراء: 80)	تمام کاموں میں توفیق الٰہی شامل حال ہونے کے لیے	اے میرے رب! مجھے داخل کر داخل کرنا سچا، اور مجھے نکال نکالنا سچا، اور کر تو میرے لیے اپنی طرف سے غلبہ مدد دینے والا۔
23	رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا. (الكهف: 10)	جب کسی چیز کے کرنے نہ کرنے میں تردد ہو	اے ہمارے رب! دے تو ہمیں اپنی طرف سے رحمت، اور آسان کر دے ہمارے لیے ہمارے کام میں بھلائی کا راستہ۔

الأدعية فی القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ کیجیے
24	هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا. (مريم: 5)	نیک اولاد کے لیے	عطا کر تو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث۔
25	وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا. (مريم: 6)	نیک اولاد کے لیے	اور بنا اسے اے میرے رب! پسندیدہ۔
26	رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي. وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي. وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي. يَفْقَهُوا قَوْلِي. (طه: 25-28)	تقریر یا تحریر میں آسانی کے لیے	اے میرے رب! کھول دے میرے لیے میرا سینہ۔ اور آسان کر دے میرے لیے میرا کام۔ اور کھول دے گرہ میری زبان کی۔ (تاکہ) وہ سمجھ سکیں میری بات۔
27	رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا. (طه: 114)	علم میں اضافے کے لیے	اے میرے رب! مجھے زیادہ کر علم میں۔

الأدعية فی القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ کیجیے
28	أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ. (الأنبياء: 83)	بیماری یا مشکلات سے نجات کے لیے	یقیناً پہنچی ہے مجھے تکلیف، اور تو زیادہ رحم کرنے والا ہے۔
29	رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ. (الأنبياء: 89)	نیک اولاد کے لیے	اے میرے رب! نہ چھوڑ مجھے تنہا، اور تو ہی ہے سب سے بہترین وارث۔
30	رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ. (الأنبياء: 112)	اپنے حق میں فیصلہ چاہنے کے لیے	اے میرے رب! تو فیصلہ فرما حق کے ساتھ، اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے وہ جس سے مدد طلب کی جاتی ہے ان (باتوں) پر جو تم بیان کرتے ہو۔
31	رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ. (المؤمنون: 26)	دشمنوں کے خلاف مدد چاہنے کے لیے	اے میرے رب! تو میری مدد کر بسبب اس کے جو انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔

الأدعية فی القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54 — کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ کیجیے
32	رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ. (المؤمنون: 29)	کسی نئی جگہ میں قدم رکھتے وقت	اے میرے رب! تو مجھے اتار اتارنا بابرکت، اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔
33	رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ. (المؤمنون: 94)	برے لوگوں جیسے انجام سے بچنے کے لیے	اے میرے رب! نہ کرنا مجھے ظالم لوگوں میں۔
34	رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ. وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ. (المؤمنون: 97-98)	شیطانی وساوس سے حفاظت	اے میرے رب! میں تیری پناہ میں آتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے۔ اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں اے میرے رب! اس سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔
35	رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ. (المؤمنون: 109)	مغفرت ورحمت چاہنے کے لیے	اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے سو بخش دے ہمیں، اور ہم پر رحم فرما، اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

الأدعية في القرآن
قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
36	رَبِّ اغْفِرْ. وَارْحَمْ. وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ. (المؤمنون:118)	مغفرت ورحمت چاہنے کے لیے	اے میرے رب! بخش دے، اور رحم فرما، اور توسب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔
37	رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ. إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا. (الفرقان:65)	آخرت کی رسوائی سے بچنے کے لیے	اے میرے رب! پھیر دے ہم سے جہنم کا عذاب، یقینا اس کا عذاب ہے چمٹنے والا۔
38	رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ. وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا. (الفرقان:74)	گھر والوں کی اصلاح کے لیے	اے ہمارے رب! عطا کر ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک، اور بنا ہمیں متقیوں کا امام۔
39	رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا. وَأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ. وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِيْنَ. وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ...... ....وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ. (الشعراء:83-87)	نیک کام کی صلاحیتیں حاصل ہونے اور نیک انجام کے لیے	اے میرے رب! عطا کر مجھے حکمت، اور مجھے ملادے صالح لوگوں کے ساتھ۔ اور تو بنادے میرے لیے زبان سچائی کی پچھلے لوگوں میں۔ اور بنادے مجھے وارثوں میں سے نعمتوں والی جنت کے۔......... اور نہ رسوا کرنا مجھے اس دن کہ وہ (سب) دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔

الأدعية في القرآن
قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
40	رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ. وَعَلٰى وَالِدَيَّ. وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ. وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ. (النمل:19)	شکر کی توفیق کے لیے	اے میرے رب! توفیق دے مجھے کہ میں شکر ادا کروں تیری اس نعمت کا جو تو نے انعام کی مجھ پر اور میرے والدین پر، اور یہ کہ میں عمل کروں نیک کہ تو اسے پسند کرے، اور داخل کر مجھے اپنی رحمت کے ساتھ اپنے نیک بندوں میں۔
41	رَبِّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ. فَاغْفِرْ لِيْ. (القصص:16)	توبہ تلافی کے لیے	اے میرے رب! یقینا میں نے ظلم کیا اپنے نفس پر، سو بخش دے مجھے۔
42	رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ. (القصص:21)	ظالم دشمن سے نجات کے لیے	اے میرے رب! نجات دے مجھے ظالم قوم سے۔

الأدعية في القرآن
قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
43	رَبِّ إِنِّيْ لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ. (القصص:24)	بے سہارگی میں سہارا چاہنے کے لیے	اے میرے رب! یقینا میں اس چیز کا جو نازل کرے تو میری طرف بھلائی سے محتاج ہوں۔
44	رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ. (العنکبوت:30)	دشمنوں کے خلاف مدد چاہنے کے لیے	اے میرے رب! مدد فرما ہماری ان لوگوں کے خلاف جو فسادی ہیں۔
45	رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ. (الصافات:100)	نیک اولاد کے لیے	اے میرے رب! عطا کر مجھے (لڑکا) صالحین میں سے۔
46	رَبِّ اغْفِرْ لِيْ. وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ. إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ. (ص:35)	غیر معمولی صلاحیت حاصل کرنے کے لیے	اے میرے رب! بخش دے مجھے اور عطا کر مجھے ایسی بادشاہی کہ نہ لائق ہو کسی کے لیے میرے بعد، یقینا تو ہی ہے بہت عطا کرنے والا۔

الأدعية في القرآن
قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
47	رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا. فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا. وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ. وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ. رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ. وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ. وَأَزْوَاجِهِمْ. وَذُرِّيّٰتِهِمْ. إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ. وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ. وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ. وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ. (غافر:7-9)	فرشتوں کی دعا نیک مسلمانوں کے لیے	اے ہمارے رب! گھیر لیا ہے تو نے ہر چیز کو (اپنی) رحمت سے اور علم سے، پس تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی، اور پیروی کی تیرے راستے کی، اور بچا ان کو دوزخ کے عذاب سے۔ اے ہمارے رب! اور تو داخل کر ان ہمیشہ رہنے والے باغوں میں وہ جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے، اور جو نیک ہوئے ان کے باپ دادوں سے، اور ان کی بیویوں سے، اور ان کی اولاد میں سے، یقینا تو ہی بڑا غالب خوب حکمت والا ہے۔ اور بچا ان کو برائیوں سے، اور جس کو بچائے گا تو برائیوں سے اس دن تو یقینا تو نے رحم کیا، اور یہی ہے کامیابی بہت بڑی۔

الأدعية فى القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
48	رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ. إِنَّا مُؤْمِنُونَ. (الدخان:12)	مصیبت سے نجات کے لیے	اے ہمارے رب! دور کر دے ہم سے یہ عذاب. یقیناً ہم ایمان لانے والے ہیں۔
49	رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ. وَعَلَى وَالِدَيَّ. وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ. وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي. إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ. وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ. (الأحقاف:15)	نعمتوں کے شکر اور ان میں اضافے کے لیے	اے میرے رب! توفیق دے مجھے کہ میں شکر ادا کروں تیری اس نعمت کا جو تو نے انعام کی مجھ پر، اور میرے والدین پر، اور یہ کہ میں عمل کروں نیک کہ تو اسے پسند کرے۔ اس کو اور اصلاح کر میرے لیے میری اولاد میں، یقیناً توبہ کی میں نے تیری طرف. اور یقیناً میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

الأدعية فى القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
50	أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ. (القمر:10)	طاقتور دشمن کے غلبہ سے نجات کے لیے	یقیناً میں مغلوب ہوں، اب تو انتقام لے۔
51	رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا. وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ. وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا. رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ. (الحشر:10)	اجتماعی توبہ کے لیے	اے ہمارے رب! بخش دے ہمیں، اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جنہوں نے ہم سے پہل کی ایمان لانے میں، اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کینہ ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے۔ اے ہمارے رب! یقیناً تو بہت شفقت کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

الأدعية فى القرآن

قرآنی دعائیں

کل دعائیں: 54

کل استعمال: 54

شمار	قرآنی دعا	پڑھنے کا وقت یا مقصد	قواعد کے اجراء کی مدد سے ترجمہ سمجھیے
52	رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا. وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. (الممتحنة:5)	دشمن کے ہاتھوں مغلوب ہونے سے بچنے کے لیے	اے ہمارے رب! نہ بنا ہمیں فتنہ ان لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا، اور بخش دے ہمیں، اے ہمارے رب! یقیناً تو ہی ہے نہایت غالب خوب حکمت والا۔
53	رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا. وَاغْفِرْ لَنَا. إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. (التحريم:8)	اتمام نعمت کے لیے	اے ہمارے رب! پورا فرما ہمارے لیے ہمارا نور، اور مغفرت فرما ہماری، یقیناً تو ہر چیز پر خوب قادر ہے۔
54	رَبِّ اغْفِرْ لِي. وَلِوَالِدَيَّ. وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا. وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ. وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا. (نوح:28)	اجتماعی توبہ کے لیے	اے میرے رب! مغفرت فرما میری، اور میرے والدین کی، اور (ہر) اس شخص کی جو داخل ہو میرے گھر میں مومن ہو کر، اور ایمان والوں کی اور ایمان والیوں کی، اور نہ زیادہ کر تو ظالموں کو مگر تباہی اور ہلاکت میں۔

دوسرا باب

انسان اور کائنات

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

أحوال الحياة فی القرآن

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

أحوال الحياة فی القرآن

كل الفاظ: 31 | كل استعمال: 475

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	بَشَرٌ	انسان	38	وَلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ .(آل عمران :47) اور نہیں چھوا مجھے کسی انسان نے۔
7	بِكْرٌ	کنواری، کم عمر	3	إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ . (البقرة: 68) وہ گائے نہ تو بوڑھی ہو اور نہ بچی۔
8	جَارٌ	ہمسایہ	3	وَإِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ .(الأنفال :48) اور بے شک میں تمہارا پڑوسی ہوں۔
9	جَنِيْنٌ ج: أَجِنَّةٌ	ماں کے پیٹ میں بچہ	1	وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ أُمَّهَاتِكُمْ . (النجم :32) اور جب تم تھے بچے اپنی ماؤں کے پیٹوں میں۔
10	حُرٌّ	آزاد	2	اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ .(البقرة: 178) آزاد کے بدلے آزاد۔

أحوال الحياة فی القرآن

كل الفاظ: 31 | كل استعمال: 475

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	اَعْرَابٌ	دیہاتی باشندے	10	اَلْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا . (التوبة :97) دیہاتی لوگ بہت سخت ہیں کفر ونفاق میں۔
2	إِمْرَأَةٌ	عورت	26	وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً . (الأحزاب: 50) اور ایمان والی عورت۔
3	اَمَةٌ	باندی، عورت	2	وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ . (البقرة : 221) اور یقیناً مومن عورت مشرک عورت سے بہتر ہے۔
4	أُنْثٰى	لڑکی، مونث	30	وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثٰى . (آل عمران: 36) اور نہیں ہے لڑکا لڑکی جیسا۔
5	أَيِّمٌ ج: اَيَامٰى	بیوہ، بغیر نکاح والا مرد یا عورت	1	وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى . (النور: 32) تم نکاح کرواؤ بغیر نکاح والے مرد وعورت کا۔

أحوال الحياة فی القرآن

كل الفاظ: 31 | كل استعمال: 475

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
11	حَرَسٌ	پہرہ دار	1	مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا . (الجن:8) وہ (آسمان) بھر دیا گیا سخت پہرہ داروں سے۔
12	حَمْلٌ	پیٹ میں بچہ	8	وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا .(الحج:2) اور گرا دیں گی تمام حمل والیاں اپنے حمل۔
13	خَازِنٌ ج: خَزَنَةٌ	نگہبان	4	وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا .(الزمر:71) اور کہا ان سے جنت کے نگہبانوں نے۔
14	رَجُلٌ	آدمی	57	مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ . (الأحزاب: 4) نہیں بنائے اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی کے دو دل۔

أحوال الحياة فى القرآن

کل الفاظ: 31

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

کل استعمال: 475

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
15	سَيِّدٌ	سردار	3	مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللهِ وَسَيِّدًا. (آل عمران: 39) تصدیق کرنے والے اللہ کی ایک بات کے اور سردار۔
16	شَيْبٌ	بوڑھا	2	يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا. (المزمل: 17) وہ (قیامت کا دن) بنادے گا بچوں کو بوڑھا۔
17	شَيْخٌ	بوڑھا	4	وَأَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ. (القصص: 23) اور ہمارے والد بہت بڑی عمر کے بوڑھے ہیں۔
18	صَبِيٌّ	لڑکا	2	وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا. (مريم: 12) اور ہم نے عطا فرمادی اسے دانائی جب وہ لڑکا تھا۔
19	صَغِيرٌ	چھوٹا	7	وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ. (القمر: 53) اور ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھا ہوا ہے۔

أحوال الحياة فى القرآن

کل الفاظ: 31

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

کل استعمال: 475

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
20	طِفْلٌ	بچہ	4	أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا. (النور: 31) یا ایسے بچے جنہیں خبر نہیں۔
21	عَبْدٌ	غلام، بندہ	131	وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكٍ. (البقرة: 221) ایمان والا غلام آزاد مشرک سے بہتر ہے۔
22	عَجُوزٌ	بڑھیا	4	وَأَنَا عَجُوزٌ. (هود: 72) اور میں بڑھیا ہوں۔
23	غُلَامٌ	لڑکا	11	إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ. (الحجر: 53) بے شک ہم بشارت دیتے ہیں تجھے ایک علم والے لڑکے کی۔
24	فَارِضٌ	بوڑھا	1	إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ. (البقرة: 68) بے شک وہ گائے ہے، نہ بالکل بڑھیا اور نہ بچی۔

أحوال الحياة فى القرآن

کل الفاظ: 31

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

کل استعمال: 475

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
25	فَتًى	نوجوان	8	قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى. (الأنبياء: 60) وہ بولے ہم نے سنا تھا ایک نوجوان کے بارے میں۔
26	فِتْيَةٌ ج: فَتَيَاتٌ	باندی، نوجوان عورت	2	مِّن فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ. (النساء: 25) تمہاری مسلمان لونڈیوں میں سے۔
27	كَبِيرٌ	بڑا	18	إِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيرًا. (النساء: 34) بے شک اللہ ہے بہت بلند، بہت بڑا۔
28	مَرْءٌ	آدمی	11	يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ. (عبس: 34) اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے۔

أحوال الحياة فى القرآن

کل الفاظ: 31

زندگی کے مختلف ادوار واحوال

کل استعمال: 475

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
29	مَحْرُومٌ	وہ محتاج جو لوگوں سے نہ مانگے	2	وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ. (الذاريات: 19) اور ان کے مال میں حق ہے مانگنے والے کا اور نہ مانگنے والے کا۔
30	نِسَاءٌ	عورتیں	57	يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاءِ. (الأحزاب: 32) اے نبی کی عورتو! تم نہیں ہو عام عورتوں کی طرح۔
31	يَتِيمٌ	یتیم	22	فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ. (الضحى: 9) پس یتیم پر سختی نہ کیا کر۔

الحمد لله

آپ نے اس سبق میں

31 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

475 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان

پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ: 31 — کل استعمال: 475

الکیفیات الإنسانیة فی القرآن

انسانی کیفیات وصفات

الکیفیات فی القرآن — انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 — کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	غَیْظٌ	غصہ	7	وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ. (آل عمران: 134) اور پی جانے والے غصہ کو۔
2	غَمٌّ	غم	6	فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ. (آل عمران: 153) پھر اس نے تم کو بدلے میں دیا غم پر غم۔
3	غَضَبٌ	غضب	14	وَبَآءُوْا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ. (البقرة: 61) اور وہ لوٹے ساتھ غضب کے اللہ کی طرف سے۔

الکیفیات فی القرآن — انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 — کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
4	غُمَّةٌ	مبہم	1	ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً. (یونس: 71) پھر نہ رہے تمہارا معاملہ تم پر مبہم۔
5	فَرِحٌ ج: فَرِحُوْنَ	خوش	6	كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ. (المؤمنون: 53) ہر ایک گروہ اس کے ساتھ جو ان کے پاس ہے خوش ہیں۔
6	مَرَحٌ	اترانا	2	وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا. (الإسراء: 37) اور نہ چل زمین میں اتراتے ہوئے۔

الکیفیات فی القرآن

انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 | کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
7	فَخُوْرٌ	شیخی بگھارنے والا	4	إِنَّهُ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ.(هود:10) یقیناوہ بہت اترانے والا، بڑا شیخی بگھارنے والا ہے۔
8	حَمِيَّةٌ	غیرت	2	إِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ. (الفتح:26) جب پیدا کرلی ان لوگوں نے جنھوں نے کفر کیا اپنے دلوں میں حمیت (ضد)۔
9	حَنَانٌ	شفقت	1	وَحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا.(مریم:13) اور شفقت ہماری طرف سے۔
10	كَفُوْرٌ	ناشکرا	12	وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُوْرًا.(الإسراء:67) اور ہے انسان بہت ناشکرا۔

الکیفیات فی القرآن

انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 | کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
11	زَنِيْمٌ	حرام زادہ	1	بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ. (القلم:13) علاوہ ازیں حرام زادہ ہے۔
12	عُتُلٌّ	اُجڈ	1	عُتُلٍّ. (القلم:13) اُجڈ۔
13	حَلَّافٌ	قسمیں کھانے والا	1	وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ. (القلم:10) اور آپ اطاعت نہ کریں ہر قسمیں کھانے والے کی۔
14	مَهِيْنٌ	نہایت حقیر	4	مَهِيْنٍ. (القلم:10) نہایت حقیر۔

الکیفیات فی القرآن

انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 | کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
15	هَمَّازٌ	بڑا عیب جو	1	هَمَّازٍ. (القلم:11) بہت عیب نکالنے والا۔
16	مَشَّاءٌ	چلتا پھرتا	1	مَشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ. (القلم:11) چلتا پھرتا چغل خور۔
17	مَنَّاعٌ	بہت روکنے والا	2	مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ. (القلم:11) بہت روکنے والا بھلائی سے۔
18	مُعْتَدٍ	حد سے گذرنے والا	9	مُعْتَدٍ. (القلم:11) حد سے گذرنے والا۔

الکیفیات فی القرآن

انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 | کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
19	أَثِيْمٌ	سخت گناہ گار	7	أَثِيْمٍ. (القلم:11) سخت گناہ گار۔
20	قَنُوْطٌ	سخت نااُمید	1	وَإِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ. (فصلت:49) اور اگر پہنچے اسے تکلیف تو (ہو جاتا ہے) انتہائی مایوس، سخت نااُمید۔
21	أَفَّاكٌ	سخت جھوٹے	1	وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ. (الجاثية:7) ہلاکت ہے ہر سخت جھوٹے کے لیے۔
22	يَئُوْسٌ	نااُمید	3	وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا. (الإسراء:83) اور جب پہنچتی ہے اسے تکلیف (تو) وہ ہو جاتا ہے نااُمید۔

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

الکیفیات فی القرآن
انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 — کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
23	مُخْتَالٌ	اترانے والے	3	وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ. (الحدید:23) اور اللہ پسند نہیں کرتا ہر اترانے والے۔
24	خَوَّانٌ	خیانت کرنے والے	2	إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ. (الحج:38) اور اللہ پسند نہیں کرتا ہر خیانت کرنے والے کو۔
25	جَبَّارٌ	ظالم	10	أَنْ تَكُونَ جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ. (القصص:19) یہ کہ تو ہو ظالم زمین میں۔
26	قَتُوْرٌ	نہایت ہی بخیل	1	وَكَانَ الْإِنْسَانُ قَتُوْرًا. (الإسراء:100) اور ہے انسان نہایت ہی بخیل۔

الکیفیات فی القرآن
انسانی کیفیات وصفات

کل الفاظ: 30 — کل استعمال: 116

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
27	عَصِيٌّ	نافرمان	2	وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا. (مریم:14) اور نہ تھا وہ سرکش، نافرمان۔
28	عَنِيْدٌ	عناد رکھنے والا	4	وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ. (ابراھیم:15) اور ناکام ہوا ہر سرکش، عناد رکھنے والا۔
29	كَفَّارٌ	کفر کرنے والا	5	وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ. (البقرة:276) اور اللہ پسند نہیں کرتا ہر کفر کرنے والے گناہ گار کو۔
30	ظَلُوْمٌ	بہت بڑا ظالم	2	إِنَّ الْإِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ. (ابراھیم:34) یقیناً انسان بہت بڑا ظالم نہایت ناشکرا ہے۔

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

30 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

116 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أُذُنٌ	کان	18	وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ أُذُنٌ. (التوبة: 61) اور وہ کہتے ہیں: وہ تو کان ہے۔
2	أَزْرٌ	کمر	1	اُشْدُدْ بِهٖۤ أَزْرِيْ. (طه: 31) مضبوط کر دے اس کے ساتھ میری کمر۔
3	أَسْرٌ	جوڑ	1	وَشَدَدْنَاۤ أَسْرَهُمْ. (الإنسان: 28) اور ہم نے مضبوط کیے ان کے جوڑ۔
4	اَنْفٌ	ناک	2	وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ. (المائدة: 45) اور ناک کے بدلے ناک۔
5	بَنَانٌ	انگلی کے پورے	2	قَادِرِيْنَ عَلٰۤى أَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ. (القيامة: 4) قادر ہیں اس پر کہ درست کر دیں ہم اس کی پور پور کو۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	بَدَنٌ	جسم	1	فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ. (یونس: 92) سو آج ہم نجات دیں گے تجھے تیرے جسم کے ساتھ۔
7	بَصَرٌ ج: أَبْصَارٌ	نگاہ، آنکھ	48	فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (ق: 22) سو آج تیری نگاہ بہت تیز ہے۔
8	بَطْنٌ ج: بُطُوْنٌ	پیٹ	17	لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖ. (الصافات: 144) تو وہ (یونس علیہ السلام) رہتے اس (مچھلی) کے پیٹ میں۔
9	تَرْقُوَةٌ ج: تَرَاقِيْ	ہنسلی کی ہڈی	1	إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ. (القيامة: 26) جب (جان) پہنچ جائے گی ہنسلی کی ہڈی تک۔
10	تَرِيْبَةٌ ج: تَرَائِبُ	پسلی	1	يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ. (الطارق: 7) نکلتا ہے وہ پیٹھ اور پسلیوں کے درمیان سے۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
11	جَبْهَةٌ ج: جِبَاهٌ	پیشانی	1	فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ. (التوبة: 35) سو داغی جائیں گی اس (آگ) سے ان کی پیشانیاں۔
12	جَبِيْنٌ	پیشانی	2	وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ. (الصافات: 103) اور لٹا دیا (ابراہیم علیہ السلام نے) بیٹے کو پیشانی کے بل۔
13	جَسَدٌ	جسم	4	مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا. (الاعراف: 148) اور (بنی اسرائیل نے بنایا) فرعونیوں کے زیورات سے ایک بچھڑے کا جسم۔
14	جِسْمٌ	جسم	2	وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ. (البقرة: 247) اور اسے وسعت عطا فرمائی ہے علم اور جسم میں۔
15	جِلْدٌ ج: جُلُوْدٌ	کھال	9	ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ. (الزمر: 23) پھر نرم ہو جاتی ہیں ان کی کھالیں۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
16	جَنَاحٌ	بازو	6	وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ. (الحجر: 88) اور آپ جھکا دیں اپنا بازو مومنوں کے لیے۔
17	جَوْفٌ	پیٹ	1	مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ. (الأحزاب: 4) نہیں بنائے اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی کے دو دل اس کے سینے میں۔
18	جِيْدٌ	گردن	1	فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ. (المسد: 5) اس کی گردن میں رسی ہو گی مونج کی۔
19	حَبْلُ الْوَرِيْدِ	رگِ جان شہ رگ	1	وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ. (ق: 16) اور ہم زیادہ قریب ہیں اس کے اس کی رگِ جان سے بھی۔
20	حُلْقُوْمٌ	حلق	1	فَلَوْلَاۤ إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ. (الواقعة: 83) پھر ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب روح حلق تک پہنچتی ہے۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
21	حَنْجَرَةٌ ج: حَنَاجِرُ	حلق	2	وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ. (الأحزاب: 10) اور پہنچ گئے دل حلق کو۔
22	حَوِيَّةٌ ج: حَوَايَا	انتڑیاں	1	إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا. (الأنعام: 146) مگر وہ (چربی) جو لگی ہو ان (گائے اور بکری) کی پشت پر یا انتڑیوں پر۔
23	خَدٌّ	گال	1	وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ. (لقمان: 18) اور تو نہ پھلا اپنے گال لوگوں کے سامنے۔
24	خُرْطُوْمٌ	سونڈ ناک	1	سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُوْمِ. (القلم: 16) ہم عنقریب داغ لگادیں گے اس کی سونڈ (ناک) پر۔
25	دُبُرٌ ج: أَدْبَارٌ	پیٹھ	18	وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ. (القمر: 45) اور (بھاگتے وقت) وہ پھیریں گے پیٹھ۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
26	دَمٌ	خون	10	حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ. (مائدۃ: 3) حرام کیا گیا ہے تم پر مردار اور خون۔
27	دَمْعٌ	آنسو	2	وَأَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ. (التوبة: 92) اور ان کی آنکھیں بہہ رہی تھیں آنسوؤں سے۔
28	ذِرَاعٌ	ہاتھ	2	ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا. (الحاقة: 32) اس کی لمبائی ستر ہاتھ ہے۔
29	ذَرْعٌ	دل	3	وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا. (هود: 77) اور تنگ ہو گیا ان سے لوط (علیہ السلام) کا دل۔
30	ذَقْنٌ ج: أَذْقَانٌ	ٹھوڑی	3	يَخِرُّوْنَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا. (الإسراء: 107) وہ گر پڑتے ہیں ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
31	لِحْيَةٌ	داڑھی	18	لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَأْسِيْ. (طه: 94) تو نہ پکڑ میری داڑھی اور نہ سر (کے بال)۔
32	رَأْسٌ	سر	7	أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِيْ خُبْزًا. (يوسف: 36) میں اٹھا رہا ہوں اپنے سر پر روٹی۔
33	رِجْلٌ	پاؤں	16	أُرْكُضْ بِرِجْلِكَ. (آل عمران: 6) مارو اپنا پاؤں۔
34	رَحِمٌ ج: أَرْحَامٌ	بچہ دانی	12	وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ. (لقمان: 34) اور وہ جانتا ہے جو کچھ بچہ دانیوں میں ہے۔
35	رَقَبَةٌ	گردن	6	فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ. (النساء: 92) پس آزاد کرنا گردن ایک مسلمان غلام کی۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 — کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
36	رُوْحٌ	روح	21	وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ. (الإسراء: 85) اور یہ لوگ سوال کرتے ہیں آپ سے روح کے متعلق۔
37	سَاقٌ ج: سُوْقٌ	پنڈلی	6	وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ. (القيامة: 29) اور لپٹ جائے گی ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے۔
38	سِنٌّ	دانت	2	وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ. (المائدة: 45) اور دانت کے بدلے دانت۔
39	سَوْءَةٌ	لاش	2	كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ أَخِيْهِ؛ (المائدة: 31) کیسے چھپائے وہ لاش اپنے بھائی کی؟
40	شَعْرٌ ج: أَشْعَارٌ	بال	1	وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا. (النحل: 80) اور ان جانوروں کے بالوں سے بھی بہت سی کام کی چیزیں (پیدا کیں)۔

پڑھنے کی ترتیب .... دائیں سے بائیں

الأعضاء فی القرآن — انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ:78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
41	شَفَةٌ	ہونٹ	1	وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ.(البلد:9) اور زبان اور دو ہونٹ۔
42	شِمَالٌ ج: شَمَائِلُ	بایاں ہاتھ	10	وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ.(الحاقة:25) اور لیکن جس کو دیا گیا اس کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں۔
43	شَوٰى	کلیجہ	1	نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى.(المعارج:16) (وہ آگ) کھینچ لانے والی ہے کلیجہ کو۔
44	إِصْبَعٌ ج: أَصَابِعُ	انگلی	2	يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِيْ آذَانِهِمْ.(البقرة: 19) ڈالتے ہیں وہ اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں۔
45	صَدْرٌ	سینہ	43	أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ؛(ألم نشرح:1) کیا ہم نے نہیں کھول دیا تیرے لیے تیرا سینہ؟

الأعضاء فی القرآن — انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ:78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
46	صُلْبٌ	پیٹھ	2	يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ.(الطارق:7) جو نکلتا ہے درمیان سے پیٹھ اور سینے کے۔
47	ظُفُرٌ	ناخن	1	حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ.(الأنعام:146) (یہودیوں پر) ہم نے حرام کر دیے تمام ناخن والے جانور۔
48	ظَهْرٌ	کمر	4	الَّذِيْ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ.(الشرح:3) وہ جس نے توڑ دی تھی آپ کی کمر۔
49	عَضُدٌ	بازو	2	سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيْكَ.(القصص:35) عنقریب مضبوط کر دیں گے ہم آپ کا بازو آپ کے بھائی سے۔
50	عَظْمٌ ج: عِظَامٌ	ہڈیاں	13	فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا.(مؤمنون:14) پھر ہم نے پہنادیا ہڈیوں کو گوشت۔

الأعضاء فی القرآن — انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ:78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
51	عَقِبٌ تثنیہ: عَقِبَيْنِ	ایڑی	8	نَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ.(الأنفال:48) وہ پیچھے ہٹا اپنی ایڑیوں پر۔
52	عَلَقَةٌ	جما ہوا خون	5	ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً.(المؤمنون:14) پھر ہم نے بنایا نطفہ کو جما ہوا خون۔
53	عُنُقٌ	گردن	9	وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً إِلَى عُنُقِكَ.(الإسراء:29) اور تو نہ رکھ اپنا ہاتھ بندھا ہوا تیری گردن سے۔
54	عَيْنٌ ج: أَعْيُنٌ	آنکھ	61	أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَا؛(الأعراف:195) کیا ہیں ان کی آنکھیں وہ دیکھتے ہیں جن سے؟
55	فَرْجٌ	شرم گاہ	2	وَالَّتِيْ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا.(الأنبياء:91) اور وہ جس نے حفاظت کی اپنی شرم گاہ کی۔

الأعضاء فی القرآن — انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ:78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
56	فَاهٌ ج: أَفْوَاهٌ	منہ	13	قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ.(آل عمران:188) بے شک ظاہر ہو چکی دشمنی ان کے منہ سے۔
57	فُؤَادٌ	دل	16	إِنَّ السَّمْعَ، وَالْبَصَرَ، وَالْفُؤَادَ.(الإسراء:36) بے شک کان، اور آنکھ، اور دل۔
58	قَبْضَةٌ	مٹھی	1	فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُوْلِ.(طه:96) تو میں نے بھر لی ایک مٹھی (مٹی کی) فرشتے کے پاؤں کے نشان سے۔
59	قَدَمٌ ج: أَقْدَامٌ	پاؤں	8	فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا.(النحل:94) پھر ڈگمگا جائیں گے قدم مضبوطی کے بعد۔
60	قَلْبٌ	دل	132	وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ.(ق:33) اور آیا ہو دل کے ساتھ توجہ والے۔

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
61	كَعْبٌ تثنیه: كَعْبَانِ	ٹخنہ	1	وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ .(المائدة:6) اور (دھوؤ) اپنے پاؤں ٹخنوں تک۔
62	كَفٌّ	ہتھیلی	2	إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ .(الرعد:14) مگر جیسے کوئی شخص پھیلائے ہوئے ہو اپنے دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف۔
63	لُبٌّ ج: أَلْبَابٌ	عقل	16	وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ .(البقرة:197) اور ڈرو مجھ سے اے عقل والو۔
64	لَحْمٌ ج: لُحُومٌ	گوشت	12	أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا .(الحجرات: 12) کیا پسند کرتا ہے (کوئی) ایک تم میں سے کہ وہ کھائے اپنے بھائی کا گوشت۔
65	لِحْيَةٌ	داڑھی	1	لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي. (طه:94) نہ پکڑیے میری داڑھی۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
66	لِسَانٌ	زبان	25	وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُبِينٌ .(البقرة: 187) اور یہ قرآن تو صاف عربی زبان میں ہے۔
67	مِرْفَقٌ ج: مَرَافِقُ	کہنیاں	1	وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ .(المائدة:6) اور (دھولو) اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک۔
68	مُضْغَةٌ	بوٹی	3	فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا .(المؤمنون:14) پھر بنائی ہم نے بوٹی سے ہڈیاں۔
69	مَعْيٌ ج: أَمْعَاءٌ	آنت	1	فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ (محمد:15) پس وہ (گرم پانی) ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا ان کی آنتیں۔
70	مَنِيٌّ	منی	1	أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِنْ مَنِيٍّ يُمْنَىٰ .(القيامة:37) کیا نہ تھا وہ (انسان) ایک قطرہ منی کا جو ڈالی جاتی ہے (رحم میں)۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
71	نَاصِيَةٌ ج: نَوَاصِيْ	پیشانی	3	لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ. (العلق:15) ہم ضرور گھسیٹیں گے (اسے) پیشانی کے بالوں سے (پکڑ کر)۔
72	نُطْفَةٌ	نطفہ	12	خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ نُطْفَةٍ .(النحل:4) پیدا کیا انسان کو نطفہ سے۔
73	أَنْمَلَةٌ ج: أَنَامِلُ	انگلی	1	عَضُّوا عَلَيْكُمُ الْأَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ .(آل عمران:119) کاٹ کاٹ کھاتے ہیں تم پر انگلیاں غصے سے۔
74	وَتِيْنٌ	گردن	1	ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ. (الحاقة:46) پھر کاٹ ڈالتے ہم اس کی گردن۔

الأعضاء فی القرآن

انسانی جسم اور اعضا کے نام

کل الفاظ: 78 | کل استعمال: 925

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
75	وَجْهٌ ج: وُجُوهٌ	چہرہ	72	مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ .(البقرة:112) جس نے جھکا دیا اپنا چہرہ اللہ کے لیے۔
76	وَرِيْدٌ	شہ رگ	1	وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ .(ق:16) اور ہم زیادہ قریب ہیں اس کے اس کی شہ رگ سے بھی۔
77	يَدٌ ج: أَيْدِيْ	ہاتھ	119	قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ. (آل عمران: 73) آپ کہہ دیجیے بے شک فضل تو ہاتھ میں ہے اللہ تعالیٰ ہی کے۔
78	يَمِيْنٌ ج: أَيْمَانٌ	دایاں ہاتھ	65	وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ .(طه:17) اور یہ کیا ہے آپ کے دائیں ہاتھ میں اے موسیٰ!

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

78 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

925 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ : 6
کل استعمال : 14

الفطرۃ فی القرآن

فطرت اور طبیعت

الفطرۃ فی القرآن

فطرت

کل الفاظ : 6
کل استعمال : 14

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	جِبِلَّةٌ	فطرت، نسل	1	وَاتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ.(الشعراء : 184) اور ڈرو اس ذات سے جس نے تمہیں بھی پیدا کیا اور اگلی نسلوں کو بھی۔
2	خُلُقٌ	اخلاق	2	وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ.(القلم : 4) اور بے شک آپ بلند اخلاق کے مرتبے پر فائز ہیں۔
3	دَأْبٌ	عادت، حال	6	كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ.(آل عمران : 11) جیسا کہ حال فرعون کی قوم کا۔
4	سِيرَةٌ	حالت	1	سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ.(طه : 21) عنقریب ہم لوٹا دیں گے اس کو اس کی پچھلی حالت پر۔
5	أُسْوَةٌ	نمونہ	3	لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ.(الأحزاب : 21) یقیناً ہے تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ۔
6	فِطْرَةٌ	فطرت	1	فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا.(الروم : 30)

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

14 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ:14

کل استعمال:185

العلاقات الإنسانية فی القران

انسانی تعلقات

العلاقات الإنسانية فی القران

انسانی تعلقات

کل الفاظ:14

کل استعمال:185

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَمِيْنٌ	امانت دار	14	وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِيْنٌ.(الأعراف :68) اور میں تمہارے لیے ایسا خیر خواہ ہوں جو امانت دار ہے۔
2	بِطَانَةٌ	رازدار	1	لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ.(آل عمران :118) نہ بناؤ رازدار اپنے علاوہ کسی اور کو۔
3	جَارٌ	پڑوسی	3	وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَى وَالْجَارِ الْجُنُبِ.(النساء :36) اور پڑوسی رشتے دار اور ہم نشین۔
4	حَوَارِيٌّ ج: حَوَارِيُّوْنَ	قریبی ساتھی	5	قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ أَنْصَارُ اللهِ.(آل عمران :52) کہا حواریوں نے کہ ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں۔

العلاقات الإنسانية فی القران

انسانی تعلقات

کل الفاظ:14

کل استعمال:185

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	خِدْنٌ ج: أَخْدَانٌ	آشنا، دوست	2	وَلَا مُتَّخِذِيْ أَخْدَانٍ.(المائدة :5) اور نہ خفیہ آشنا پیدا کرنا۔
6	خَصْمٌ	جھگڑا کرنے والا	1	وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ .(ص :21) کیا پہنچی ہے تمہیں خبر جھگڑا کرنے والے کی۔
7	خَلْفٌ	نائب	2	فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ .(مريم :59) پھر نائب بنے ان کے بعد ایسے نائب۔
8	خَلِيْفَةٌ	نائب	2	يَا دَاوُوْدُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيْفَةً فِي الْأَرْضِ. (ص :26) اے داؤد! بے شک ہم نے بنایا ہے تجھے نائب زمین میں۔

العلاقات الإنسانية فی القران

انسانی تعلقات

کل الفاظ:14

کل استعمال:185

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
9	خَلِيْلٌ ج: أَخِلَّاءُ	خاص دوست	4	وَاتَّخَذَ اللهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا .(النساء :125) اللہ تعالیٰ نے بنالیا ابراہیم (علیہ السلام) کو اپنا خاص دوست۔ اَلْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِيْنَ.(الزخرف :67) تمام قریبی دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے، سوائے پرہیز گاروں کے۔
10	رَفِيْقٌ	ساتھی	1	وَحَسُنَ أُولَئِكَ رَفِيْقًا .(النساء :69) اور وہ کتنے اچھے ساتھی ہیں۔
11	ظَهِيْرٌ	مددگار	6	فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكَافِرِيْنَ .(القصص :86) پس ہرگز نہ بنا مددگار کافروں کے۔

العلاقات الإنسانية فی القران

انسانی تعلقات

کل الفاظ:14 | کل استعمال:185

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
12	عَدُوٌّ ج:أَعْدَاءٌ	دشمن	50	بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ.(البقرة :36) تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے۔ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ .(آل عمران :103) جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے پھر اللہ نے تمہارے دلوں کو جوڑ دیا۔
13	قَرِيْنٌ	ساتھی	8	إِنِّي كَانَ لِي قَرِيْنٌ.(الصافات : 51) بے شک تھا میرا ایک ساتھی۔
14	وَلِيٌّ ج:أَوْلِيَاءُ	دوست	86	وَمَا لَكُمْ مِّن دُوْنِ اللهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ .(البقرة :107) اور اللہ کے سوا نہ کوئی تمہارا دوست ہے نہ مددگار۔ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ.(آل عمران :28) نہ بنائیں مومن لوگ کافروں کو دوست۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

14 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

185 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ:19 | کل استعمال: 430

الأحزاب فی القرآن

مختلف انسانی گروہ

الأحزاب فی القرآن

مختلف انسانی گروہ

کل الفاظ:19 | کل استعمال: 430

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أُمَّةٌ	دین، اُمت	64	وَإِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً .(مؤمنون: 52) یقیناً یہی تمہارا دین ہے ایک ہی دین۔
2	أَنَامٌ	مخلوق	2	وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ .(الرحمن: 10) اور اس نے زمین بچھادی مخلوق کے لیے۔
3	بَرِيَّةٌ	مخلوق	2	أُولَٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ .(البينة :6) یہی لوگ ہیں مخلوق میں سے بدترین۔
4	جُنْدٌ	لشکر	31	وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُوْنَ .(الصفت: 173) اور بے شک ہمارا ہی لشکر غالب آنے والا ہے۔
5	حِزْبٌ	جماعت	20	أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ .(المجادلة: 22) آگاہ رہو! بے شک اللہ کی جماعت والے ہی کامیاب لوگ ہیں۔

الأحزاب فی القرآن

مختلف انسانی گروہ

کل الفاظ:19 — کل استعمال: 430

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	سَيَّارَةٌ	قافلہ، جماعت	3	وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ. (یوسف:19) اور آیا ایک قافلہ۔
7	شِرْذِمَةٌ	جماعت، گروہ	1	إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ. (الشعراء:54) یقیناً یہ لوگ (بنی اسرائیل) ایسا گروہ ہیں جو بہت کم تعداد میں ہے۔
8	شَعْبٌ ج:شُعُوبٌ	خاندان، بڑا قبیلہ	1	وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا. (الحجرات:13) اور ہم نے بنا دیے تمہارے خاندان۔
9	شِيْعَةٌ	گروہ، ہم مذہب	11	وَإِنَّ مِنْ شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ. (الصافات: 83) اور اس (نوح علیہ السلام) کے گروہ میں سے ابراہیم (علیہ السلام بھی) تھے۔
10	طَائِفَةٌ	جماعت	24	وَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ. (آل عمران: 72) اور کہا ایک جماعت نے اہل کتاب میں سے۔

الأحزاب فی القرآن

مختلف انسانی گروہ

کل الفاظ:19 — کل استعمال: 430

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
11	عَشِيْرٌ	ساتھی، قبیلہ	4	وَلَبِئْسَ الْعَشِيرُ. (الحج:13) اور یقیناً برا ہے ایسا ساتھی۔
12	عُصْبَةٌ	جماعت	4	وَنَحْنُ عُصْبَةٌ. (یوسف:14) اور ہم جماعت ہیں۔
13	عِيْرٌ	قافلہ	3	أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ. (یوسف:70) اے قافلے والو! تم لوگ تو چور ہو۔
14	فَصِيْلَةٌ	کنبہ، گھرانہ	1	وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ. (المعارج:13) اور اس کا کنبہ جو اسے پناہ دیتا تھا۔
15	فَوْجٌ	گروہ، فوج	5	كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ. (الملك:8) جب کبھی ڈالا جائے گا اس (جہنم) میں کوئی گروہ۔

الأحزاب فی القرآن

مختلف انسانی گروہ

کل الفاظ:19 — کل استعمال: 430

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
16	فِئَةٌ	جماعت	11	فَمَا كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ. (القصص: 81) اور نہ تھی کوئی جماعت جو اس کی مدد کرتی اللہ کے بغیر۔
17	قَبِيْلَةٌ ج:قَبَائِلُ	قبیلہ	1	وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ. (الحجرات:13) اور ہم نے بنا دیے تمہارے کنبے اور قبیلے۔
18	قُرَيْشٌ	عرب کا مشہور قبیلہ	1	لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ. (قریش: 2) چونکہ مانوس ہیں قریش کے لوگ۔
19	نَاسٌ	لوگ	241	إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ. (البقرة: 243) بے شک اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے لوگوں پر۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

19 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

430 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ:9 | کل استعمال:27

أصحاب الأعذار فى القران

معذور یا بیمار افراد

أصحاب الأعذار

معذور یا معیوب افراد

کل الفاظ:9 | کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
5	أَكْمَهُ	مادرزاد اندھا	2	وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ. (المائدہ: 110) اور تم اچھا کر دیتے تھے مادرزاد اندھے کو۔
6	بُكْمٌ	گونگا	3	صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ. (البقرۃ:18) وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔
7	زَنِيْمٌ	نچلے نسب والا، کمینہ	1	عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ. (القلم:13) بدمزاج ہے، اس کے بعد نچلے نسب والا بھی۔
8	سَمِيْنٌ	موٹا	3	فَجَاءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ. (الذاریات: 26) اور لائے ایک موٹے بچھڑے کو۔
9	صُمٌّ	بہرا	11	أَفَأَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ (یونس:42) تو کیا تم سناؤ گے بہروں کو؟

أصحاب الأعذار

معذور یا معیوب افراد

کل الفاظ:9 | کل استعمال: 27

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	أَبْتَرُ	بے نام ونشان جڑ کٹا	1	إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ. (الکوثر: 3) یقیناً تیرا دشمن ہی بے نام ونشان ہے۔
2	أَبْرَصُ	کوڑھی	2	وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي. (المائدہ: 110) اور (تم اچھا کر دیتے تھے) کوڑھی کو میرے حکم سے۔
3	أَعْرَجُ	لنگڑا	2	وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ. (النور: 61) اور نہیں ہے لنگڑے پر کوئی حرج۔
4	أَعْمٰى ج: عُمْيٌ	اندھا	2	لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ. (النور: 61) نہیں ہے اندھے پر کوئی حرج۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ. (البقرۃ:18) وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

9 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں 27 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ: 5

کل استعمال: 44

ذکر "الشكّ" فی القرآن

شک اور شبہہ

ذکر "الشكّ" فی القران

شک اور شبہہ

کل الفاظ: 5

کل استعمال: 44

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	رَيْبٌ	شک	1	ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ.(البقرة:2) یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے۔
2	زَيْغٌ	کجی ٹیڑھاپن	18	فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ(ال عمران:7) پس وہ لوگ جن کے دل میں کجی ہے وہ پیچھے پڑے رہتے ہیں متشابہ آیات کے۔
3	شَكٌّ	شبہ	15	اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ.(یونس:104) اگر ہو تم شک میں میرے دین کے بارے میں۔
4	مِرْيَةٌ	شک	5	اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاءِ رَبِّهِمْ.(فصلت:54) خبردار! بے شک وہ لوگ شک میں ہیں اپنے رب کی ملاقات سے۔
5	[illegible]	[illegible]	5	الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ.(الناس:5)

الحمد للّٰہ

آپ نے اس سبق میں

5 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

44 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً **4,500** الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

کل الفاظ: 6

کل استعمال: 19

النوم فی القرآن

نیند اور خواب

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

النوم فی القرآن

نیند اور خواب

کل الفاظ: 6 | کل استعمال: 19

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	حُلُمٌ ج: أَحْلَامٌ	خواب	4	وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ. (یوسف: 44) اور نہیں ہیں ہم خوابوں کی تعبیر کے جاننے والے۔
2	رُؤْيَا	خواب	7	لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ. (یوسف: 5) مت بیان کرنا اپنے خواب کو۔
3	سُبَاتٌ	نیند	2	وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا. (النبأ: 9) اور ہم نے بنایا تمہاری نیند کو آرام کا سبب۔
4	سِنَةٌ	اونگھ	1	لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ. (البقرۃ: 255) نہیں پکڑتی اسے اونگھ اور نہ نیند۔
5	نُعَاسٌ	اونگھ	2	إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ. (الأنفال: 11) جب اللہ ڈھانپ رہا تھا تم کو اونگھ سے۔
6	نَوْمٌ	نیند	3	لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ. (البقرۃ: 255) نہیں پکڑتی اسے اونگھ اور نہ نیند۔

کل الفاظ: 15 | کل استعمال: 58

الوزن والمیزان

پیمائش، اوزان اور سکّے

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

6 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

19 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

الوزن والمیزان

ترازو، اوزان اور سکّے

کل الفاظ: 15 | کل استعمال: 58

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	دِرْهَمٌ ج: دَرَاهِمُ	درہم	1	وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ. (یوسف: 20) اور انہوں نے بیچ دیا اس کو بہت کم قیمت میں جو گنتی کے چند درہم تھی۔
2	دِينَارٌ	دینار	1	وَمِنْهُمْ مَنْ إِنْ تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ. (آل عمران: 75) اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں کہ اگر تم رکھو ان کے پاس امانت ایک دینار کی بھی۔
3	ذِرَاعٌ	گز	2	ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا. (الحاقۃ: 32) اس کی لمبائی ستر گز (ہاتھ) ہے۔
4	ذَرْعٌ	لمبائی	3	ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا. (الحاقۃ: 32) اس کی لمبائی ستر گز ہے۔
5	طُولٌ	بلندی، لمبائی	1	وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا. (الإسراء: 37) اور نہ پہنچ سکتے ہو پہاڑوں کو بلندی میں۔

الوزن والمیزان

ترازو، اوزان اور سکّے

کل الفاظ:15

کل استعمال:58

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
6	عَرْضٌ	چوڑائی	6	وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ.(الحديد: 21) اور جنت جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کے برابر ہے۔
7	قِسْطَاسٌ	ترازو	2	وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ. (الشعراء :182) اور تولا کرو سیدھے ترازو سے۔
8	قِنطَارٌ	ڈھیر	2	وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنطَارًا . (النساء :20) اور تم دے چکے ہو ان بیویوں میں سے ایک کو ڈھیر سارا مہر۔
9	كَيْلٌ	ناپ	10	وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ.(الأنعام :152) اور پورا کرو ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ۔
10	مِثْقَالُ حَبَّةٍ	رائی کے دانے کے برابر	2	وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا.(الأنبياء :47) اور اگر ہو گا کوئی عمل رائی کے دانے کے برابر تو ہم اسے سامنے لے آئیں گے۔

الحمد للہ

آپ نے اس سبق میں

15 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں

58 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان جیسے الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

الوزن والمیزان

ترازو، اوزان اور سکّے

کل الفاظ:15

کل استعمال:58

شمار	قرآنی اسماء	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
11	مِثْقَالُ ذَرَّةٍ	ذرّہ برابر	6	فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا. (الزلزلة: 7) چنانچہ جس نے کی ہو گی ذرہ برابر کوئی اچھائی۔
12	مِكْيَالٌ	ناپ	2	أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ. (هود :85) پورا پورا کیا کرو ناپ اور تول کو۔
13	مِيزَانٌ	تول	16	وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ . (الرحمن :9) اور تم کمی نہ کرو تول میں۔
14	وَرِقٌ	چاندی کا سکہ	1	فَابْعَثُوا أَحَدَكُم بِوَرِقِكُمْ. (الكهف :19) تو بھیجو اپنے میں سے کسی ایک کو چاندی کا سکہ دے کر۔
15	وَزْنٌ	وزن	3	وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ. (الرحمن :9) اور ٹھیک رکھو وزن کو انصاف کے ساتھ۔

کل الفاظ: 14

کل استعمال: 71

الأجزاء فی القرآن

حصے اور ٹکڑے

الأجزاء فی القرآن

حصے اور ٹکڑے

کل الفاظ: 14 — کل استعمال: 71

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
1	جُدَّةٌ ج: جُدَدٌ	حصہ	1	وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ.(فاطر :27) اور پہاڑوں کے کچھ حصے سفید ہیں۔
2	جُذَاذٌ	ٹکڑا	1	فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا.(الأنبياء :58) پھر کر دیے ابراہیم نے ان بتوں کے ٹکڑے ٹکڑے۔
3	جُزْءٌ	حصہ	3	لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ. (الحجر :44) (جہنم کے) ہر دروازے کے لیے ان جہنمیوں میں سے مخصوص حصہ ہے۔
4	حُطَامٌ	ریزہ ریزہ	1	لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ. (الواقعة:65) اگر ہم چاہیں تو کر دیں اس کو ریزہ ریزہ، پھر تم ہو جاؤ باتیں بنانے والے۔
5	حَظٌّ	حصہ	7	لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ.(النساء :11) مرد کے لیے ہے دو عورتوں کے حصے جتنا۔

الأجزاء فی القرآن

حصے اور ٹکڑے

کل الفاظ: 14 — کل استعمال: 71

شمار	قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قواعد کا اجرا کیجیے اور آیت کا ترجمہ نکالنے کی کوشش کیجیے
